"وللنفوس طب لنا ان للاجساد طبا"

"روحانی امراض کیلئے بھی ایک طب ہے جس طرح کہ جسمانی امراض کیلئے ہے" غزالی

خلاصۃ التصانیف

المعروف

نصیحت نامہ

امام غزالیؒ

مولفہ و مترجمہ

پروفیسر بھگوت دیال ورما - ایم اے، منشی فاضل، ادیب فاضل

فرگسن کالج - پونہ نمبر ۴

بالودیان پریس - پونہ (دکن)

"روحانی امراض کیلیے بھی ایک طب ہے جس طرح کہ جسمانی امراض کے لیے ہے"

امام غزالی

آسمان اخلاقیات کا ایک چمکتا ہوا ستارہ

خلاصۃ التصانیف

المعروف بہ

نصیحت نامہ امام غزالیؒ

مولفہ و مترجمہ پروفیسر بھگوت دیال ورما ایم اے، منشی فاضل ادیب فاضل

فرگسن کالج۔ پونا نمبر ۴

۶.۰" x ۹.۰" کے ۱۱۲ صفحات پر کاغذ سفید چکنا قیمت عہ (دو روپے آٹھ آنہ)

اس کتاب میں نصیحت نامہ کا فارسی متن ہے اور اردو میں بصیرت افروز مقدمہ، حیات امام غزالیؒ، مکمل ترجمہ و فرہنگ الفاظ مشکلہ اور توضیح آیات شریفہ ہیں، امام صاحب کے عہد سے متعلق دو نقشے بھی دیے گئے ہیں، انگریزی میں بھی مقدمہ اور خلاصہ نصایح دیا گیا ہے۔

امام صاحب نے اس کتاب میں فلسفۂ حیات کا خلاصہ ایسی سلیس، زود فہم اور مختصر عبارت میں لکھا ہے کہ ہر شخص اُسے تھوڑی سی دیر میں پڑھ اپنا لائحہ عمل بنا سکتا ہے اور زندگی میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے، یہ

صحیح ہیں، معانی اور تشریحات واضح ہیں۔

ہم آپکے ممنون ہیں کہ اس مفید رسالہ کو آپنے چھاپ کر ایک بند خزانہ کو وقف عام کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مزید رہنمائی فرمائے۔"

جن عالیجناب ڈاکٹر محمد شفیع صاحب ایم اے، پی ایچ ڈی

پنجاب یونیورسٹی، لاہور

(انگریزی خط کا خلاصہ)

"نصیحت نامہ" بلا، آپنے کتاب کو جس طرز سے ایڈٹ کیا ہے وہ مجھے پسند آیا۔ اس کو بہم پہنچانے اور ترجمہ کرنے میں آپنے بہت محنت کی ہے۔"

عالیجناب ڈاکٹر نظام الدین صاحب ایم اے، پی ایچ، ڈی

عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد

(انگریزی خط کا ترجمہ)

"آپنے امام غزالی کی اس کتاب کو شائع کرکے اسلامک کلچر کی بڑی خدمت کی ہے۔"

عالیجناب ڈاکٹر بذل الرحمن صاحب ایم اے، پی ایچ ڈی،

پرنسپل اسمٰعیل یوسف کالج، جوگیشوری بمبئی

آپکی تازہ ترین تالیف "نصیحت نامہ" پر ایک نظر غائر ڈالنے کے بعد لکھ رہا ہوں۔ آپنے اپنی تمہید وغیرہ میں سیر حاصل بحث کی ہے، میں آپکو مبارکباد دیتا ہوں کہ غزالی کے اس تبرک کو محفوظ کر دیا گیا ہے۔ مجھ کو یقین ہے کہ آپکی اس محنت کے بعد دنیا اس سے فائدہ اٹھائے گی۔

ماشاءاللہ تمہید خوب ہے، آپنے نہایت خوبی سے تمام ایسا مواد جمع کردیا (ا) جس سے غزالی کی اہمیت اور ان کے نصائح کی وقعت واضح ہو جائے، نقشہ جات کا اندراج بھی دلچسپی سے خالی نہیں، اردو مطبوعات میں عام طور پر ات

جواہر آبدار اور لآلی شاہوار کی لڑی آپکے دیدۂ دِل کو نور سے معمور کر دے گی۔

رائیں اور تبصرے

عالیجناب ڈاکٹر عبدالحق صاحب بی اے، ایل ایل ڈی
آنریری سکریٹری انجمن ترقی اردو دہلی

"امام غزالیؒ کا ایک مفید اور دلچسپ رسالہ جس کا عربی نام خلاصۃ التصانیف اور فارسی نام "نصیحت نامۂ غزالیؒ" بیان کیا جاتا ہے، راجہ صاحب اوندھ کی تحریک سے پروفیسر بھگوت دیال صاحب ورما (فرگسن کالج پونا) نے اردو میں ترجمہ کر کے چھاپا ہے، فارسی متن اور اسکا انگریزی خلاصہ بھی شامل کر دیا ہے، شروع میں لائق مترجم نے ایک تمہید اور مقدمہ امام موصوف کی سیرت پہ لکھا ہے، پروفیسر ورما کی اردو تحریر دیکھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ وہ نہ صرف با محاورہ بلکہ ایسی اچھی منشیانہ اور علمی زبان لکھتے ہیں۔ امید ہے کہ یہ کتاب اردو خواں حضرات میں مقبول ہو گی"

عالیجناب علامہ سید سلیمان صاحب ندوی
دار المصنفین، اعظم گڈھ

"آپ کی کتاب نصیحت نامۂ امام غزالی وقت پر پہنچی تھی، میں نے پڑھی بھی، گو اس کا ترجمہ پہلے بھی چھپا تھا، مگر آپنے اصل کتاب کو شائع کر کے اہل علم اور اہل ذوق پر کرم فرمایا ہے، مقدمہ اپنی جگہ پر پراز معلومات ہے اردو عبارت ماشاء اللہ بہت چست ہے، فارسی بھی درست ہے اور آیات

"وللنفوس طب لما ان للاجساد طبًا"

"روحانی امراض کیلئے بھی ایک طب ہے جس طرح کہ جسمانی امراض کیلئے" غزالی

نصائح التصانیف غزالی

۷-۹

المعروف بہ

نصیحت نامہ

امام غزالی

مولفہ و مترجمہ

پروفیسر بھگوت دیال ورما۔ ایم اے، منشی فاضل، ادیب فاضل
فرگسن کالج۔ پونہ نمبر ۴۔

بالودیان پریس۔ پونہ (دکن)

فہرست مضامین

تمہید

"نصیحت گوش کن جاناکہ از جان دوست تر دارند
جوانانِ سعادت مند پندِ پیرِ دانا را"
"نقشِ نگینِ خاتمِ دولت بنامِ آنکہ
درگوشِ دل نصیحتِ وے گوشوار کرد"

"جس نے اخلاق حمیدہ میں سے ایک کو بھی اختیار کر لیا وہ جنت میں داخل ہو گیا"

انسانی فطرت عجیب جذبات کا مجموعہ ہے اور انسانی زندگی ایک عجیب کشمکش کا سلسلہ ہے۔ ہر شخص کے خیالات جدا، حالات جدا، اور اس لیے مطمح نظر و مشکلات بھی جدا ہوتی ہیں۔ تاہم چونکہ فرقہ ہائے انسانی کے طبعی خیالات عنقریب یکساں ہوتے ہیں جو ہر شخص کی زندگی میں ایک ہی طرز سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ اس بنا پر ہر نیک بندۂ خدا یہ خیال کرتا ہے کہ اپنے تجربوں سے دوسروں کی رہنمائی کرے اور اُن کی زندگی کے مسائل کی گتھیاں سلجھانے میں مدد کرے اور اس مدعا کے لیے وہ اپنے تجربوں کا خلاصہ سپرد قلم کرتا ہے تاکہ اُسکی یادگار باقی رہے اور کوئی جویائے حق سے پڑھ کر گمراہی کے غار سے بچ جائے۔ علماء و فضلاء کے کارنامے زبانِ حال سے یہ کہتے ہیں :-

"من نہ کردم شما حذر بکنید
بر رسولان بلاغ باشد و بس۔"

"سمجھانے سے تھا ہمیں سروکار - اب مانو نہ مانو خود ہو مختار"

امام غزالیؒ نے اپنی زندگی کا نہایت بیش قیمت حصہ تلاش حق میں صرف کیا تھا جس کے لیے آپ ہر طبقہ انسانی کے افراد سے ملے اور اُن سے کچھ نہ کچھ حاصل ہی کیا۔ "نصیحت نامہ" میں امام صاحب نے اپنے فلسفۂ حیات کا خلاصہ ایسی سلیس زود فہم اور مختصر عبارت میں لکھا ہے کہ ہر شخص اُسے تھوڑی سی دیر میں ہی پڑھ کر اپنا لائحہ عمل بنا سکتا ہے اور بار بار پڑھ کر اُسکے مطالب اپنے ذہن نشین کر سکتا ہے "نصیحت نامہ"

انتساب

میں اس نصیحت نامۂ امام غزالیؒ
کو نہایت ادب کے ساتھ بنام نامی جناب والا
معلی القاب شری منت بالا صاحب پنت
پرتِ ندھی بی۔ اے راجہ صاحب اوندھ کی باجازت خاص معنون کرنیکا
شرف حاصل کرتا ہوں۔

راجہ صاحب ممدوح خود ایک بلند پایہ فیلسوف ہیں۔ اور آپکی نصیحت
اور شاندار مثال صرف میرے ہی لیے نہیں۔ بلکہ لاکھوں ہندوستانیوں
کے لیے مشعل راہ ہوئی ہے اور اس نے افسردہ دلوں میں ریاضت اور
مشقت پسندی کی آگ لگادی ہے۔ آپ مشرقی تہذیب کے سچے
علمبردار ہیں اور آپکی سرپرستی کے بغیر ایک مشرقی فیلسوف کی بنائی
ہوئی یہ جواہر آبدار اور گوہر شاہوار کی لڑی اہل ذوق کے دیدہ
دل کو نور نہ پہنچا سکتی۔

نذرگذار

بھگوت دیال ورما۔ شاکر

مقدمہ

جس طرح موہنجوداڑو، ہڑپا وغیرہ مختلف مقامات کی قدیم ترین چیزیں دیکھ کر ہمیں یہ پتہ لگتا ہے کہ زمانۂ پیشین میں انسانی تہذیب کس درجے تک پہونچ چکی تھی، اسی طرح کسی نامور عالم و فاضل مصنف کی کوئی نادر اور مفید کتاب مل جانے سے انسانی علمی ترقی کا پتہ لگتا ہے۔ سلسلۂ ادبی و علمی میں ہر قدیم مخطوطہ ایک کڑی کا کام دیتا ہے۔

نسخۂ نصیحت نامہ

ہمارا یہ نسخہ ایک ایسے متبحر ادیب اریب امام کی یادگار ہے جو نہ صرف میدان علم کے شہسوار تھے بلکہ دنیائے تصوف میں بھی مطلع انوار تھے۔ یہ ایسی کتاب ہے جو آیندہ کئی صدیوں تک بنی آدم کی رہبری و دلدہی کرتی رہے گی۔

امام غزالی کی تعریف و توصیف مستشرقین یورپ نے بھی کھول کر کی ہے۔ "مشتے نمونہ از خروارے" ہدیۂ ناظرین با تمکین ہے:—

کی اس خصوصیت کا لحاظ رکھ کر ہم نے آفات و آلام انسانی کی یہ مفید اور مجرب دوا اہل ذوق کے سامنے رکھنے کی ہمت کی ہے "گر قبول افتد زہے عز و شرف" ۔

ذی فہم اشخاص دوسرے عقلاء کے تجربوں سے فائدہ اٹھا کر اپنی زندگی کامیاب بناتے ہیں مگر بے سمجھ لوگ دوسروں کی نصیحتوں پر دھیان نہیں دیتے اور سفر حیات میں قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ انسانی فطرت جیسی امام صاحب کے زمانہ میں تھی ویسی ہی اب ہے۔ خود غرضی اور تعصب کی وبا جیسی تب مہلک تھی ویسی ہی بلکہ اُس سے بھی زیادہ روح فرسا اور جاں گزا اب ہے۔

امام صاحب نے ذاتی ترقی کا ایک سہل الحصول طریقہ ڈھونڈھ نکالا تھا اور امید ہے کہ قارئین کرام اُس طریقہ سے فائدہ اُٹھا کر بحر کائنات کے مد و جذر میں اپنی کشتی حیات کو اخلاق ذمیمہ کی خونخوار لہروں سے بچا کر نجات دارین کے ماوا تک پہنچا سکینگے۔

ہم جناب والا شرمنیت بالا صاحب پنت پرتی ندھی بی۔ اے راجہ صاحب اوندھ کے نہایت ممنون ہیں کہ آنجناب نے اس کتاب کا مخطوطہ عطا فرمایا، اسے سلسلہ پرتی ندھی میں داخل کرنے اور اسم گرامی سے معنون کرنے کی اجازت عطا کرکے عزت افزائی کی۔

اہل ذوق کو ممبران پبلیکیشن بورڈ بمبئی یونیورسٹی کا شکر گزار ہونا چاہیئے کہ انھوں نے ایک معتد بہ رقم منظور فرمائی جس سے اس کتاب کو زیور طبع پہنانے میں بڑی مدد ملی۔

قارئین کرام سے استدعا ہے کہ یہاں قحط الکاتب ہونیکی وجہ سے کتابت اچھی نہ ہوسکی امید ہے کہ آپ اس عیب سے درگذر فرمائیں گے، اور کسی کو یہ کہنے کا موقع نہ دینگے:

بخون آلودہ تیغ و دست غازی ماندہ بے تحسین
تو زیب اسپ بینی زینت برگستوان بینی

ہیچمدان
بھگوت دیال ورما

امام صاحب نے اُن کو پیش کیا ہے اگر ہر عیسائی بھی اُن کے سامنے سر تسلیم خم کرے اور دل میں جگہ دے تو مضایقہ نہیں۔"

"فلسفۂ ارسطو یا تصوف صوفیۂ کرام میں جو باتیں اچھی اور موثر تھیں وہ امام صاحب نے اسلامی علم عقاید و اخلاق میں قرینے وسلیقے سے جما دیں۔ .... آپ نے فیلسوفوں کے ہر گروہ کے خیالات اور عقاید کو غور سے پڑھکر اُن کے ذریعے مذہب کے سر پر روشنی اور رواج کا سنہرا تاج رکھا۔ امام صاحب کی نیکی، اخلاص، زہد، صدق دلی اور صاف گوئی کی وجہ سے آپ کی جملہ تصانیف و تالیفات میں چار چاند لگ گئے ہیں۔"

ہالینڈ کے مستشرق ٹ۔ ج۔ دو بوئر اپنی کتاب "ہسٹری آف فلاسفی اِن اسلام" میں تحریر فرماتے ہیں کہ :—

"غزالی کی شخصیت اسلام میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ اُن کی تعلیم اُن کی شخصیت کی مظہر ہے۔ اُنھوں نے اِس دنیا کو سمجھنے کی بالکل کوشش نہیں کی، لیکن مذہبی مسئلہ کی تہ کو وہ اپنے ہمعصر فلسفیوں سے کہیں زیادہ پہونچے ہیں۔ .... غزالی مذہب کو اپنی قلبی واردات پر مبنی سمجھتے ہیں، وہ اُن کے نزدیک درس اور شرع دونوں سے برتر ہے، اور روحانی کیف کا نام ہے"۔ (ملاحظہ ہو "تاریخ فلسفۂ اسلام" مترجمۂ ڈاکٹر سید عابد حسین ص ۱۲۲)۔

مستشرقین یورپ کی رایوں کا نمونہ آپنے دیکھ لیا۔

مستشرقین یورپ کی رائے

امام صاحب کی تصانیف کے بارے میں مسٹر میکڈونلڈ اپنی کتاب "مسلم تھیالاجی" میں تحریر فرماتے ہیں کہ :-

" اسلامی علوم و فنون کے احیاء کی اب کوشش ہو رہی ہے - ایک دن آئے گا جب امام غزالی کا علم و فضل رنگ لائے گا - اُن کی تصانیف اِس عہد تحقیق و تدقیق میں بغور پڑھے جانے سے ایک نئی حیات بخش ہوا فضائے عالم پر چھا جائے گی " ۔ ۔ ۔ ۔ " غزالی کی ہستی تاریخِ اسلام میں بزرگترین ہے - وہ ہر امر کو نہایت سنجیدگی اور ہمدردی سے تولتا ہے - یہ عزّت صرف غزالی کو ہی حاصل ہوئی ہے "

مثل مشہور ہے :" قدرِ گوہر شاہ داند یا بداند جوہری" اور " ولی را ولی می شناسد" - ڈاکٹر آگسٹ تھولک صاحب، جو خود بھی علم اخلاق اور علم کلام کے زبردست ماہر تھے، امام صاحب کی تعریف میں رقمطراز ہیں :-

" امام صاحب نے اسلام کی زیب و زینت کے لئے جملہ نیک، باعظمت، پُرشوکت اور روح پرور خیالات جو اُن کی شاندار روح نے بڑی محنت و مشقت سے اکٹھے کیے تھے نہایت مناسبت و موزونیت کے ساتھ استعمال کیے۔ قرآن پاک کی آیاتِ شریفہ کی تفسیر، توضیح و تشریح ایسی عالمیت، اخلاص اور زہد کے ساتھ کی ہے کہ جس حالت میں

کو بیجاپور میں، جو کسی زمانے میں بادشاہانِ عادل شاہیہ کا پایۂ تخت تھا، ملا تھا۔

بہت جستجو کے بعد بمصداق "جو بندہ یابندہ" دوسرا مخطوطہ مجھے لاہور کی یونیورسٹی لائبریری میں ملا۔ یعنی ایک مخطوطہ تو جنوبی ہند کی ایک ریاست میں اور دوسرا شمالی ہند کی ایک بڑی لائبریری میں ہاتھ آیا۔ اِن دونوں کی مدد سے یہ کتاب مکمل کرکے قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔ بعض مسائل کی وضاحت کے لیے جا بجا حواشی اضافہ کردیے گئے ہیں تاکہ نصائح دل نشیں ہوسکیں۔

شہرہ آفاق انگریزی شاعر ملٹن نے لکھا ہے:۔

ایسی کتاب کی اہمیت

"ایک اچھی کتاب ایک ایسا خزانہ ہوتا ہے جس میں مصنف اپنے دماغِ پختہ اور تجربۂ دیرینہ کا جوہر، جو ہر انسان کی ترقی کے لیے اکسیر اور گوگردِ احمر سے بھی زیادہ بیش بہا ہوتا ہے، مخزون کرتا ہے"۔

ڈاکٹر جانسن صاحب کی رائے ہے کہ:۔

"جو مصنف عام اصولوں کی وضاحت کرتا ہے، یا کہ جو ہمہ گیر صداقت کا صلح کن پیغام ہر کس و ناکس تک پہونچاتا ہے، اُس کی تصانیف اکثر و بیشتر شوق و شغف کے ساتھ پڑھی جائیں گی کیونکہ وہ ہر زمانے اور ہر ملک میں یکساں

علماء و فضلای ایشیا تو امام صاحب کو الہامی مصنف سمجھتے ہیں۔ علامہ سیوطی تو یہاں تک لکھ گئے ہیں کہ "اگر آنحضرت سرور کائنات کے بعد کوئی دوسرا نبی ہو سکتا ہے تو وہ الغزالی ہے"۔

علماء کی رائے

امام نووی، شارح صحیح مسلم، لکھتے ہیں کہ "احیاء العلوم قرآن مجید کے لگ بھگ ہے"۔

شیخ ابو محمد کازرونی کا دعویٰ تھا کہ "اگر دنیا کے تمام علوم مٹا دیے جائیں تو احیاء العلوم سے میں سب کو دوبارہ زندہ کر دونگا"۔ (مزید مثالوں کے لیے ملاحظہ ہو "الغزالی" شبلی)

یہ نصیحت نامہ ایسے عدیم المثال، درویش منش صوفی اور فیلسوف کی کتاب ہے جس کی تعریف آپ اوپر پڑھ چکے ہیں، اور اسی لیے ہم اسے آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی جرأت کرتے ہیں۔

اب تک اِس کتاب کے صرف دو مخطوطے ملے ہیں: ایک مخطوطہ تو عالیجناب معلی القاب شریمنت

دو مخطوطے

بالا صاحب پنت پرتی ندھی، بی۔ اے، مدظلہ، ریاست اوندھ (دکھن) کے راجا صاحب کے ذاتی کتبخانے میں ہے اور کئی قیمتی مخطوطوں میں ایک یہ بھی تھا جو راجا صاحب موصوف

موقع بہ موقع حکایتیں لکھکر مضامین کو دلکش بنایا گیا ہے جو امام صاحب کا خاص طرز ہے۔

عہدِ تصنیف

اِن دونوں مخطوطوں میں یہ کسی جگہ نہیں لکھا ہے کہ امام صاحب نے یہ نصائحؒ کب لکھیں۔ یہ تو صاف ظاہر ہے کہ یہ نصائحؒ امام صاحب کی معرکہ آرا کتاب "احیاء العلوم الدین" کے بعد لکھی گئی تھیں کیونکہ اِن مخطوطوں میں اُس کتاب کی طرف جا بجا اشارے کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں اُن تین باتوں کا بھی ذکر ہے جن کا عہد امام صاحب نے ۴۹۹ سنہ ہجری (یہ سن ۱۳ ستمبر ۱۱۰۵ء سے ۲ ستمبر ۱۱۰۶ء تک تھا) میں بمقام خلیل حضرت ابراہیم کے مزار پر حاضر ہوکر کیا تھا۔

اِس سے ثابت ہے کہ یہ کتاب امام صاحب نے اپنے تصنیف و تالیف کے آخری زمانے میں لکھی تھی اور اِسی لیے یہ زیادہ قیمتی اور قابل استحسان و اعتنا ہے۔

مسٹر براکل مین نے امام غزالی کی ستتر اور مولانا شبلی نے اٹھتر کتابوں کے نام دیے ہیں مگر ایسی کسی کتاب کا کہیں ذکر نہیں ہے۔ مکرمی مولانا نواب علی صاحب' ام۔اے' نے براہ ادب نوازی مجھے اپنے کتبخانے میں سے دو کتابیں مطالعے کے لیے دی تھیں۔ ایک کا نام "ترجمۂ خلاصۃ التصانیف" تھا۔ یہ اُردو ترجمہ مولوی غوث محمد انصاری

مفید ثابت ہونگی۔

یہ نصیحت نامہ بھی امام صاحب کے فلسفے کا لُب لباب ہے۔ آپ کے ایک شاگرد نے آپ سے دریافت کیا تھا کہ "جملہ علوم میں سے کونسی باتیں سب سے زیادہ مفید ہیں؟" اسی اہم سوال کے جواب میں امام صاحب نے جو چند نہایت مفید اقوال و امثال ایجاز و اختصار کے ساتھ لکھے تھے وہی اس کتاب میں مدوّن کیے گئے ہیں، گویا دریا کو کوزے میں بھر دیا ہے۔ ادبیات فارسی میں "گلشن راز" بھی ایسی ہی کتاب ہے جو علّامہ شبستری نے بعض سوالات کے جواب میں منظوم کی تھی۔ یعنی ہمارے یہ علماء ایسے پھول تھے جن پر زیادہ دباو ڈالنے سے زیادہ خوشبو نکلتی تھی۔

یہ کتاب ادبیات فارسی و اردو کے اخلاقی آسمان میں ایک بہت چمکدار ستارہ ثابت ہوگی، اور آفات و شکوک و شبہات کی اندھیری راتوں میں سالکوں کو منزل مقصود پر پہونچانے میں کارآمد ثابت ہوگی۔ اور اِس کی قدر و منزلت پندنامۂ عطّار، کریمای سعدی، وغیرہ سے کم نہ ہوگی۔ امام صاحب نے اپنی تمام ضخیم اور مفید تصانیف کا خلاصہ اس میں جمع کر دیا ہے جس کو ہر روز تھوڑی دیر میں پڑھکر روزانہ زندگی میں دلچسپی پیدا کی جا سکتی ہے۔ طرز تحریر سلیس اور مدلل ہے۔

کے اخیر میں لکھا ہے :-

"تمام شد نصیحت نامہ تصنیف حضرۃ امام غزالی مرحوم [کہ] برای شاگرد تصنیف کردہ بودند بعد سوال کہ : 'رسالہ دو جز باشد کہ ہمہ بامداد بخوانم و بعمل درآرم' - والاتفاق حسنہ آنکہ این رسالہ ہم قریب دو جز ہست" - تمام شد خلاصۃ التصانیف امام محمد غزالی رحمہ اللہ - مقابلہ کردہ شد۔
الحمد للہ کہ نسخہ ہذا بفضل ایزد منان بروز شنبہ واقعہ بتاریخ ۱۸ بھادوں سمبت ۱۹۲۳ - مطابق یکم ستمبر سنہ ۱۸۶۶ء و ۲۱ ربیع الثانی سنہ ۱۲۸۳ ہجری نبوی صورت اختتام یافت - حسب فرمودہ مخدومی معظمی جناب قبلہ و کعبہ دو جہان مولوی صاحب مولوی غلام حسین جیو تحریر شد - بقلم ناقص رقم بندہ ..... "

اوندہ کے مخطوطے پر ایسی کوئی عبارت نہیں لکھی ہے جس سے یہ پتہ لگے کہ وہ کب اور کہاں نقل کیا گیا تھا۔

امام صاحب زبردست مصنف تھے۔ آپ کی تصانیف کا حساب لگانے سے ہر روز کی تصنیف کا اوسط ۱۶ صفحات معلوم ہوا ہے۔ "این سعادت بزور بازو نیست"۔ ممکن ہے آپ کے صدہا شاگردوں* میں سے کسی نے آپ سے عرض کی ہو کہ بندے کو چند خاص نصائح عطا ہوں اور اُستادِ شفیق نے یہ نصائح موسوم بہ "خلاصۃ التصانیف" جو اسم بامسمیٰ ہے اُس شاگرد رشید کے لیے لکھی ہوں۔

امام صاحب کی مکمل ترین کتاب 'آپ کا شاہکار'

* امام صاحب کے شاگرد طوس میں ۱۵۰ تھے اور نظامیہ کالج بغداد میں ۳۰۰ تھے۔

فرخ آبادی نے ۱۸۹۵ء میں کتابی صورت میں شایع کیا تھا۔
مگر مولوی صاحب نے یہ ذکر نہیں کیا ہے کہ اُن کو اصل فارسی
کتاب "خلاصۃ التصانیف" کس جگہ ملی تھی اور اُسے کس نے
اور کہاں نقل کیا تھا۔ دوسری کتاب ایک رسالہ بنام
"اتحاد" تھا جس میں سید برکات احمد صاحب لکھنوی
نے ۱۸۹۲ء میں اِسی کتاب کا اردو ترجمہ شایع کیا تھا مگر
اُنھوں نے بھی اصل کتاب کا کوئی حال نہیں لکھا تھا۔
یہ دونوں ترجمے ہمارے مخطوطوں سے اکثر و بیشتر
مقامات پر مطابق آتے ہیں۔ بعض جگہ چند الفاظ میں
فرق ہے، مگر وہ قابل التفات نہیں۔

ان کے علاوہ ۱۹۲۴ء میں جناب زکی مبارک نے
جو کتاب جامعۃ المصریۃ میں 'دکتور فی الآداب' کی ڈگری
کے لیے پیش کی تھی، اُس کا نام "الاخلاق
عند الغزالی" ہے۔ اُس میں بھی صفحہ ۳۳۴
پر زیر عنوان 'المراجع' ایک کتاب بنام
"خلاصۃ التصانیف" امام غزالی کی مؤلفات میں سے دی ہے۔

ایک عربی کتاب

وجوہات مندرجہ صدر سے ثابت ہے کہ اِن مخطوطوں
کا اصلی نام "خلاصۃ التصانیف" ہے اگرچہ اوندھ کے
مخطوطے پر "پندنامہ" اور لاہور کے مخطوطے پر "نصیحت نامہ"
لکھا ہے۔ مؤخر الذکر مخطوطہ ۱۸۶۶ء میں نقل کیا گیا تھا۔ اُس

میں بھی اُس مقام پر جہاں امام صاحب اپنے شاگرد کو سمجھاتے ہیں کہ "علم بی عمل ضلال" وہاں دو مثالیں استعمال کی ہیں :-

پہلی مثال :- "فرض کرو ایک شخص کے پاس دس تیغ براں ہیں اور ایک شیر اُس پر حملہ آور ہوتا ہے، تو جب تک وہ شخص اُن تلواروں کو استعمال نہ کرے گا تب تک اس کا وجود و عدم برابر ہوگا۔ وہ تلوار نہ چلائے اور شیر وہاں سے چلا جائے یہ محال ہے"۔

دوسری مثال :- "فرض کرو ایک شخص بیمار ہے اور وہ بخوبی جانتا ہے کہ فلاں دوا کھانے سے اُسے صحت حاصل ہوگی، لیکن جب تک وہ شخص وہ دوا نہ کھائے گا تب تک اُس کی بیماری دفع نہ ہوگی؛ اُس علم سے اُسے کچھ فایدہ نہ ہوگا"۔

امام صاحب نے اپنے ایک عربی خط میں بھی یہی مثالیں دی ہیں اور یہ سمجھایا ہے کہ اگر سینکڑوں برس کوئی شخص صرف علم ہی حاصل کرتا رہے اور اُس پر عمل نہ کرے تو وہ کبھی پاک پروردگار کے حضور پُرنور میں نہیں پہونچ سکتا۔

مولانا شبلی تحریر فرماتے ہیں کہ "کوئی شخص اگر امام صاحب کے تمام حالات اور خیالات کو غور کی نگاہ سے دیکھے تو اس کو صاف نظر آئے گا کہ امام صاحب کو سب سے زیادہ جس چیز کا رونا ہے وہ علماء کی حالت ہے۔ یہ آگ اُن کے دل میں اس قدر بھری ہوئی ہے کہ ذرا سی تحریک سے فوراً بھڑک اٹھتی ہے۔ کسی قسم کا ذکر ہو، کوئی بحث ہو، کوئی تذکرہ ہو، یہ پُردرد ترانہ خواہ مخواہ اُن کی زبان پر آجاتا ہے۔

"اِحیاء العلوم الدین" عربی میں ہے - اِس کے بعد جتنی کتابیں آپ نے لکھیں اُن میں وضاحت کے لیے اِسی شاہکار، اِسی قاموس العلوم کی طرف اشارہ کیا ہے - اسی لحاظ سے ہماری اِس کتاب میں بھی تین جگہ "اِحیاء" کی طرف اِشارہ کیا ہے - اور اپنی دوسری کتابوں کے مضامین کے خلاصے دیے ہیں -

داخلی ثبوت

امام صاحب کا خاص طرز استدلال یہ ہے کہ اخلاقی نکات کی تشریح و توضیح کے لیے آپ امثال و حکایات پیش کرتے ہیں - یہی طرز اس کتاب میں اختیار کیا گیا ہے -

"اِحیاء" میں امام صاحب نے جس مقام پر معاذ اللّٰہ کے اصلی معنی پر روشنی ڈالی ہے وہاں آپ تحریر فرماتے ہیں کہ :-

"جو لوگ یہ الفاظ بلا سوچے سمجھے استعمال کرتے ہیں اُن کی مثال ایسی ہے کہ ایک شخص بیابان میں جا رہا ہو اور یکایک شیر سے مقابلہ ہو اور اُس کے پاس ہی ایک قلعہ ہو جہاں جا کر وہ اپنی جانِ شیریں اس خونخوار جانور سے بچا سکتا ہو، لیکن اگر وہ وہیں کھڑا رہے اور کہے کہ "مَیں قلعے میں پناہ چاہتا ہوں" - مگر ایک قدم بھی اُس قلعے کی طرف جانے کے لیے نہ اُٹھائے تو آپ ہی انصاف کیجئے کہ اِن بے معنی الفاظ کے کہنے سے اُسے کیا فایدہ حاصل ہو گا" - ہماری کتاب

تھا کہ "آپ میرے نکات کو نہیں سمجھ سکتے اور اس لیئے مجھے غلط کہہ رہے ہیں، مگر چونکہ آپ بزرگ ہیں اس لیئے میں اب آپ سے کچھ زیادہ عرض نہ کرونگا اور بحث بند کرتا ہوں۔" ["تذکرۃ الشعراء" - مصنفہٗ دولت شاہ - طبقہ دوم]

یہ کتاب فارسی میں لکھی گئی ہے، مگر جا بجا عربی کے فقرے، آیات قرآنی اور احادیث مدلل طریقے پر استعمال کی گئی ہیں۔ یہی طرز امام صاحب نے اپنی دوسری فارسی میں لکھی ہوئی کتابوں میں اختیار کیا ہے۔

خصوصیات

اس نصیحت نامے کی خصوصیت یہ ہے کہ آیات اور احادیث کی امداد سے یہ بات سمجھائی گئی ہے کہ:

"دوسرے کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرو جیسا تم چاہتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ کریں"۔ اجتماعی اور تمدنی زندگی کے لیئے اس سے بڑھکر کوئی دوسری نصیحت فی زمانناً نہیں ہوسکتی۔

یہ کتاب مبتدی اور متبحر دونوں کے لیے یکساں طور پر مفید ثابت ہوسکتی ہے، کیونکہ یہ نصائح امام صاحب نے اپنے شاگردوں کے لیے لکھی تھیں جو بذات خود آسمانِ علم کے ماہتاب تھے۔ اور جن امور پر روشنی ڈالی گئی ہے وہ زندگی کے ہر شعبے اور ہر منزل میں رونما ہوتے ہیں۔

اس خزینۂ نصائح کا ترجمہ اردو میں اور خلاصہ

اور "احیاء العلوم" تو سراپا اسی نوحہ سے لبریز ہے" - [الغزالی ص۱۱۹]
نصیحت نامے میں بھی علماء کے عیوب کا ذکر آیا ہے
اور امام صاحب نے اُن عیوب سے بچنے کا راستہ بھی بتایا ہے -
اس مضمون کے بعد "احیاء" میں **تصوف کا بیان**
امام صاحب نے بڑے سوز و گداز کے ساتھ لکھا ہے اور
ہماری کتاب بھی اس بیان سے مزین ہے -
واعظ کو جو نصیحتیں کی ہیں وہ امام صاحب کے ذاتی تجربے پر مبنی ہیں - ایک زمانے میں اُنھیں حاضرین جلسہ
کی تعریف کی بہت خواہش تھی [" المنقذ من الضلال " ملاحظہ ہو]
مگر کچھ عرصے بعد اُن کے بحر خیالات میں ایک طوفان عظیم
موجزن ہوا اور امام صاحب نے اِس خواہش کو بیخ و بن
سے نکال پھینکا - " این کار از تو آید و مردان چنین کنند" -
اس تہذیب و تبدیلی کے بعد امام صاحب فرمایا کرتے تھے
" جو لوگ نمایشی تعریف و توصیف پر جان دیتے ہیں وہ
ایسے زاہد ہیں جن کے خدا وہ خود ہیں" - [ملاحظہ ہو "مشکاۃ الانوار"]
' مناظرہ ' کے بیان میں ہماری کتاب میں لکھا ہے
کہ " جب تم دیکھو کہ تم سچے ہو اور باوجود اِس کے فریق مقابل
گستاخی کر رہا ہے تو تم اس کے ساتھ بحث نہ کرو " - یہ قیمتی پند
ہمیں اس واقعہ کی یاد دلاتی ہے جب امام صاحب نے
اسعد مہینہ کو سلطان محمد کے دربار میں جواب ساکت دیا

حیات امام غزالی

نام و ولادت

امام صاحب* کا نام نامی 'محمد' عرف 'غزالی' و لقب 'حجۃ الاسلام' ہے۔ بعض مصنفین نے آپ کا اسم گرامی 'ابو حامد الغزالی' لکھا ہے۔ آپ طابران میں [بقول مولانا شبلی] اور طوس میں [بقول دیگر مؤلفین] ۴۵۰ھ ہجری (یہ سن ۲۸۔فروری ۱۰۵۸ء سے ۱۷۔فروری ۱۰۵۹ء تک رہا) میں پیدا ہوئے۔

---

* اس مضمون کا مواد مولانا شبلی کی قیمتی تالیف "الغزالی" سے اخذ کیا گیا ہے اور دیگر مؤلفین کی کتابوں سے بھی جا بجا مدد لی گئی ہے۔ ان کتابوں میں جو تاریخیں دی گئی ہیں وہ زیادہ تر ہجری سن کے مطابق ہیں۔ چونکہ آجکل عیسوی سن کا رواج ہے اس لیے ہم نے قارئین کرام کی سہولیت کے لیے ہجری تاریخ کے ساتھ ساتھ عیسوی سن و مہینہ بھی "انڈین ایفیمرس" مطبوعہ مدراس An Indian Ephemeris by L. D. S. PILLAI کی مدد سے لکھ دیا ہے۔
حاشیے میں جا بجا مولانا شبلی کی کتاب "الغزالی" کا حوالہ دیا گیا ہے اور مزید تحقیقات کے لیے صفحات کی بھی تشریح کر دی گئی ہے۔ جو کتاب ہم نے استعمال کی ہے وہ "رنگین پریس۔ دہلی" میں ۱۳۲۳ھ میں طبع ہوئی تھی۔

انگریزی میں شایع کرنے سے میری غرض یہ ہے کہ اردو خواں اور انگریزی داں اصحاب بھی اِن درخشاں جواہر ریزوں کی آب و تاب سے اپنے خانۂ دل کو زینت دے سکیں۔

اگر کسی سالکِ راہ حق کو اس سے کچھ فایدہ اور سعادتِ دارین حاصل ہوا تو اِن مساعی کو بارآور اور کامیاب سمجھوں گا۔

"من ایستادہ ام اینک بہ خدمتت مشغول
مرا ازان چہ کہ خدمت قبول یا نہ قبول"

بھگوت دیال وریا (سکینہ) شاکر

تو ایک محقق کا دل و دماغ پایا تھا۔

جرجان میں تحصیل علم سے فارغ ہوکر امام صاحب وطن مالوف 'طوس' کو واپس آرہے تھے کہ راہ میں ڈاکہ پڑا اور آپ کے پاس جو کچھ سامان تھا سب لٹ گیا۔ اس میں وہ "تعلیقات" (اُستادوں کی تقریروں کی یادداشت وخلاصے) بھی لٹ گئی تھیں جو امام ابونصر نے لکھوائی تھیں۔

ایک قزاق کے طعنے کا اثر

امام صاحب نے ڈاکوؤں کے سردار سے اپنی "تعلیقات" مانگیں تو وہ ہنس پڑا اور کہا "علم درسینہ نہ درسفینہ"۔ اور کاغذات واپس دیدیے۔ امام صاحب نے اس واقعہ سے متاثر ہوکر وطن پہونچکر تین برس میں وہ یادداشتیں زبانی یاد کرلیں اور اُن مسائل کے حافظ بن گئے۔

اس کے بعد آپ نیشاپور گئے اور امام الحرمین کی شاگردی کا شرف حاصل کیا۔ اور اتنی محنت وجانفشانی سے نوشت وخواند میں مصروف ومنہمک رہے کہ "گرو تو گڑ ہی رہ گئے چیلہ شکّر ہو گئے"۔

۴۷۸ھ ہجری (یہ سن ۲۹۔ اپریل ۱۰۸۵ء سے ۱۸۔ اپریل ۱۰۸۶ء تک تھا) میں امام الحرمین نے اس جہان فانی سے رحلت کی۔ تو اُن کے شاگرد رشید امام غزالی نے نیشاپور سے سلطان ملکشاہ کے لشکر کی طرف رُخ کیا۔ اِس وقت امام صاحب

امام صاحب کے والد بزرگوار رشتہ فروش تھے۔ اور اسی مناسبت سے آپ کا خاندان "غزالی" کہلاتا تھا' کیونکہ 'غزل' کے معنی 'کاتنے' کے ہیں۔ السبکی نے "طبقات الشافعیۃ" میں لکھا ہے کہ امام صاحب کے والد ماجد اکثر بارگاہ ایزدی میں دعا کیا کرتے تھے کہ "مجھے واعظ بیٹا عطا کر۔" زمانہ شاہد ہے کہ اُن کی دُعا سُن کر فرشتے "آمین۔ ثم آمین" کہا کرتے تھے۔

غزالی کی وجہ تسمیہ

امام صاحب کے سر سے عاطفت پدری کا سایہ بچپن میں ہی اٹھ گیا تھا اور ایک بزرگ نے جو امام صاحب کے والد کے دوست تھے آپ کو تعلیم دلائی تھی مسٹر کلاڈ فیلڈ، گارڈنر، میکڈونلڈ وغیرہ کی رائے ہے کہ یہ بزرگ صوفی تھے اور اِنہی کے اثر سے امام صاحب پر بچپن میں ہی تصوف کا رنگ چڑھ گیا تھا۔ تعلیم کے ابتدائی مراحل طوس میں ہی طے کرنے کے بعد آپ جُرجان گئے۔ گارڈنر صاحب لکھتے ہیں کہ نیشاپور پاس تھا مگر وہاں نہ جاکر ایک دور و دراز مقام جرجان تشریف لے جانے کی وجہ شاید یہ تھی کہ نیشاپور میں "تقلید" کا بازار گرم تھا اور آپ کی طبیعت تقلید کے نام سے بہت گھبراتی تھی۔ آپ نے

بچپن و تعلیم

کے قابل ہے ۔ امام صاحب نے اپنی کتاب "المنقذ من الضلال" میں جو آپ کی خود نوشت سوانح عمری ہے اس واقعہ کو تفصیل کے ساتھ لکھا ہے ۔ آپ فرماتے ہیں کہ :-

ترکِ تعلقات

"چونکہ میری طبیعت ابتدا سے تحقیقات کی طرف مائل تھی اس لیے رفتہ رفتہ یہ اثر ہوا کہ تقلید کی بندش ٹوٹ گئی اور جو عقائد بچپن سے سنتے سنتے ذہن میں جم گئے تھے ان کی وقعت جاتی رہی ۔ میں نے خیال کیا کہ اس قسم کے تقلیدی عقاید تو عیسائی ، یہودی سبھی رکھتے ہیں ۔

حقیقی علم اس کا نام ہے کہ کسی قسم کا شک نہ رہے اور کسی قسم کے شبہ کا احتمال تک نہ رہ جائے ۔

مثلاً یہ امر یقینی ہے کہ دس کا عدد تین سے زائد ہے ، اب اگر کوئی شخص کہے کہ نہیں تین زائد ہے اور اس کے ثبوت میں وہ یہ کہے کہ میرا دعویٰ حق ہے کیونکہ میں عصا کو سانپ بنا سکتا ہوں اور وہ بنا کر دکھا بھی دے ، تو میں کہوں گا کہ بے شبہ عصا کا سانپ بن جانا سخت حیرت انگیز ہے لیکن اس سے اس یقین میں فرق نہیں آسکتا کہ دس تین سے زائد ہے ۔

اب میں نے ہر فرقہ کے علوم و عقائد کی تحقیقات شروع کی ...

سب سے اخیر میں میں نے تصوف کی طرف توجہ کی ۔ ...... لیکن چونکہ یہ فن در اصل عملی فن ہے اس لیئے صرف علم سے کچھ نتیجہ نہیں حاصل ہو سکتا تھا اور عمل کے لیے ضرور تھا کہ زہد و ریاضت اختیار کی جائے ۔ ادھر اپنے اشغال کو دیکھا تو کوئی خلوص پر مبنی نہ تھا ۔ درس و تدریس کی طرف طبیعت کا میلان اس وجہ سے تھا کہ وہ جاہ پسندی اور شہرت عامہ کا ذریعہ تھی ۔ ان واقعات نے دل میں تحریک پیدا کی کہ بغداد سے نکل کھڑا ہوں اور تمام تعلقات کو چھوڑ دوں " ۔

یہ خیال رجب ۴۸۸ھ ہجری (یہ مہینہ ۷ جولائی سے ۵ اگست ۱۰۹۵ء تک تھا) میں پیدا ہوا تھا ۔ اور اس کے بعد عجیب ادھیڑ بن کے مخمصے میں پھنسے رہ کر بالآخر

کی عمر صرف ۲۸ برس کی تھی، مگر تمام ممالک اسلامیہ میں اُن کا کوئی ہمسر نہ تھا۔

اُس زمانے میں سلطان ملکشاہ کا وزیر اعظم نظام الملک تھا جو علم دوست اور عالم پرور تھا۔ اُس کے دربار میں امام صاحب سنہ ۴۸۲ یا سنہ ۴۸۳ ہجری میں پہونچے تھے۔ یہ تاریخ اب تک بالتحقیق معلوم نہیں ہوئی ہے۔ نظام الملک نے مناظرے کی مجلسیں منعقد کیں تو ہر معرکے میں امام صاحب ہی غالب رہے اور اس شاندار کامیابی کی وجہ سے آپ کی قابلیت کا جھنڈا ہر جگہ لہرانے لگا۔

نظام الملک نے امام صاحب کو نظامیہ کے قابلِ رشک مسند پر صدر ہونے کے لیے انتخاب کیا۔ آپ کی عمر اس وقت ۳۴ برس سے زیادہ نہ تھی۔ اس عمر میں نظامیہ کی افسری کا حاصل کرنا ایک ایسا فخر تھا جو امام صاحب کے سوا کسی کو کبھی حاصل نہ ہوا۔

نظامیہ کا مدرس اعظم مقرر ہونا

غرض امام صاحب جمادی الاولی سنہ ۴۸۴ ہجری (یہ مہینہ ۲۱۔ جون سنہ ۱۰۹۱ء سے ۲۰۔ جولائی سنہ ۱۰۹۱ء تک تھا) میں بڑی عظمت و شان و جاہ و حشم کے ساتھ بغداد میں داخل ہوئے اور نظامیہ کی مسند درس کی زینت کو دوبالا کر دیا۔

امام صاحب کے ترک تعلقات کا واقعہ دنیا کے عجیب و غریب واقعات کی فہرست میں درج کرنے

خلیل سے آپ حج کی نیت سے مکہ معظمہ تشریف لے گئے جہاں مدت تک مقیم رہے۔ اسی سفر میں مصر و اسکندریہ بھی پہونچے اور اسکندریہ میں مدت تک قیام رہا۔ امام صاحب نے خود "المنقذ من الضلال" میں لکھا ہے :-

"حج کرنے کے بعد اہل و عیال کی کشش نے وطن پہونچایا، حالانکہ میں وطن کے نام سے کوسوں بھاگتا تھا۔ وطن پہونچکر میں نے عزلت و خلوت اختیار کی۔ لیکن زمانہ کی ضرورتیں اور معاش کی تلاش میرے صفائی قلب کو مکدر کر دیتی تھیں، اور دلجمعی و اطمینان کا وقت جستہ جستہ ہاتھ آتا تھا۔ (ملاحظہ ہو "لکچر امام غزالی" صفحہ ۱۷)۔

غرض اس بے تعلقی میں امام صاحب نے گیارہ برس تک جدوجہد، تحقیق و تدقیق، اور طاعت و عبادت میں اپنا وقت لگایا۔ آپ تحریر فرماتے ہیں* :-

"پس حکم الٰہی سے مجھ کو ماہ ذی قعدہ سنہ ۴۹۹ ہجری میں نیشاپور کی طرف روانہ ہونا نصیب ہوا، اور بغداد سے نکلنے کی بھی تاریخ یہی تھی۔ اِس حساب سے میری عزلت کا زمانہ گیارہ سال ہوا"

اسی زمانے میں امام صاحب نے اپنا لاثانی شاہکار مسمیٰ بہ "احیاء العلوم" تصنیف کیا تھا۔

---

* ملاحظہ ہو "لکچر امام غزالی" صفحہ ۹۶۔ ماہ ذی قعدہ سنہ ۴۹۹ ہجری ۵ جولائی سے ۳ اگست سنہ ۱۱۰۶ء تک تھا۔ یعنی تقویم عیسوی کے مطابق امام صاحب کی عزلت کا زمانہ نومبر سنہ ۱۰۹۵ء سے جولائی سنہ ۱۱۰۶ء تک رہا۔ اور اِس حساب سے پونے گیارہ برس ہوتے ہیں۔

دامِ علایق کو توڑ کر امام صاحب ذو قعدہ سنہ ۴۸۸ ہجری (یہ مہینہ ۲ نومبر سے ۱ دسمبر سنہ ۱۰۹۵ء تک تھا) میں بغداد سے نکلے:۔

"نہ شدہ بدھ کی لی اور نہ منگل کی لی
نکل شہر سے راہ جنگل کی لی"

امام صاحب جس حالت میں بغداد سے نکلے وہ عجیب ذوق اور وارفتگی کی حالت تھی۔ پُر تکلف اور قیمتی لباس کے بجائے بدن پر کمبل اور لذیذ غذاؤں کے بدلے ساگ پات کا سہارا تھا۔

سیاحت و عزلت

غرض بغداد سے نکل کر شام کا رخ کیا جہاں آپ تقریباً دو سال رہے۔ وہاں سے دمشق® گئے اور مجاہدہ و ریاضت میں مشغول ہوئے۔ وہاں بھی دو برس رہ کر بیت المقدس تشریف لے گئے۔ وہاں سے مقام خلیل* سنہ ۴۹۹ ہجری (یہ سن ۱۳ ستمبر ۱۱۰۵ء سے ۳ ستمبر ۱۱۰۶ء تک تھا) میں پہونچے تو حضرت ابراہیم کے مزار مبارک پر حاضر ہو کر تین باتوں کا عہد کیا:۔

(۱) کسی بادشاہ کے دربار میں نہ جاؤنگا۔

(۲) کسی بادشاہ کا عطیہ نہ لونگا۔

(۳) کسی سے مناظرہ و مباحثہ نہ کرونگا۔

چنانچہ امام صاحب مرتے دم تک اِن عہود کے پابند رہے۔

® السبکی نے لکھا ہے کہ امام صاحب سنہ ۴۸۹ ہجری میں دمشق میں داخل ہوئے تھے۔

* الغزالی ۔ صفحہ ۱۶ ۔

کی بنیاد ڈالی جہاں مرتے دم تک ظاہری و باطنی دونوں علموں کی تلقین کرتے رہے۔

مسٹر گارڈنر* لکھتے ہیں "کہ اسکندریہ سے امام صاحب پھر کہیں روانہ ہو گئے تھے اور یہ پتہ نہ چلا کہ کہاں تشریف لے گئے تھے۔ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ پھر بغداد تشریف لے گئے تھے جہاں آپ نے "احیاء العلوم" کی تعلیم و تدریس کے لیے ایک مجلس قایم کی تھی۔ امام صاحب وہاں کتنے عرصے تک رہے اِس کا اب تک کوئی اندراج نہیں ملا ہے۔ اس کے بعد آپ ہمدان گئے مگر وہاں کا بھی کوئی حال معلوم نہیں ہوا ہے۔ ہاں، جب آپ ہمدان میں قیام گزیں تھے تب آپ نے ایک کتاب لکھی تھی جو اُن سوالات کا جواب تھی جو ایک شخص نے آپ سے دریافت کیے تھے"+ ممکن ہے یہ کتاب جو ہمدان میں امام صاحب نے لکھی تھی یہی ہماری کتاب "خلاصۃ التصانیف" ہے جسے ہم "نصیحت نامۂ امام غزالی" کہہ رہے ہیں ہو۔

امام صاحب نے متعدد کتابیں تصنیف کی تھیں مسٹر براکل مین نے ستّر اور مولانا شبلی نے اٹھتّر کتابوں کے نام

---

* "الغزالی" مؤلفۂ و۔ ر۔ و۔ گارڈنر W. R. W. Gardner, M.A. - دی اسلام سیریز - مطبوعہ ۱۹۱۹ء - ہمدان میں ایک کتاب بجواب سوالات لکھنے کا حال امام صاحب نے اپنی خود نوشت سوانح عمری "المنقذ من الضلال" میں تحریر فرمایا ہے۔

امام صاحب کو جس چیز نے بیاباں نوردی پر آمادہ کیا تھا وہ تحقیقِ حق اور انکشافِ حقیقت کا شوق تھا۔ امام صاحب تحریر فرماتے ہیں ۔ :-

"مجاہدات اور ریاضیات نے قلب میں ایسی صفائی پیدا کر دی کہ تمام حجاب اٹھ گئے، اور جس قدر شک و شبہے تھے آپ سے آپ جاتے رہے"۔

'انکشاف حق کے بعد امام صاحب نے دیکھا کہ زمانہ کا زمانہ مذہب کی طرف سے متزلزل ہو رہا ہے اور فلسفہ اور عقلیات کے مقابلے میں مذہبی عقائد کی ہوا اُکھڑتی جاتی ہے۔ یہ دیکھکر ارادہ کیا کہ عزلت کے دائرہ سے نکلیں اور درس و تدریس سے خلق خدا کو راہ راست دکھائیں'۔

دوبارہ درس و تدریس

غرض ذی قعدہ سنہ ۴۹۹ ہجری میں امام صاحب نے نیشاپور کے مدرسۂ نظامیہ میں مسند درس کو زینت بخشی اور بدستور پڑھنے پڑھانے میں مشغول ہوئے۔ فخر الملک، پسر نظام الملک محرم سنہ ۵۰۰ ہجری* میں ایک باطنی کے ہاتھ سے شہید ہوا، اور غالباً اس کی وفات کے تھوڑے ہی دن بعد امام صاحب نے عہدۂ تدریس سے کنارہ کشی کر کے طوس میں خانہ نشینی اختیار کی۔ گھر کے پاس ہی ایک مدرسہ اور صوفیوں کے لیے ایک خانقاہ

* یہ مہینہ ۲ ستمبر سے یکم اکتوبر سنہ ۱۱۰۶ء تک تھا۔

پہلا نقشہ

اگرچہ امام صاحب کی حیات سے متعلق کئی کتابیں لکھی گئی ہیں مگر کسی میں ایسا نقشہ نہیں دیا گیا ہے جو پیمانہ (سکیل) کے مطابق ہو اور جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ امام صاحب نے کتنا دور و دراز کا سفر تلاشِ حق کے لئے اختیار کیا تھا۔

اگلے صفحے پر جو نقشہ "امام غزالی کی سیاحت" دیا گیا ہے اس سے یہ اندازہ لگ سکیگا کہ امام صاحب نے اس زمانے میں جبکہ آمدورفت کے ذرایع چنداں تکلیف دہ تھے اور راستوں کی حالت نہایت مخدوش اور خراب و خستہ تھی تحصیل علم اور تحقیق مذاہب کے لئے کتنی مسافت طے کی تھی۔

پیمانے کی مدد سے بہ آسانی یہ معلوم ہو جائے گا کہ طابران سے جرجان کا کتنا فاصلہ تھا اور دمشق و بیت المقدس کتنی حوصلہ شکن دوری پر واقع تھے۔

مگر یہ عوائق امام صاحب کے ہمالیہ جیسے اٹل ارادوں کو ذرّہ بھر بھی ان کی راہ سے نہ ہٹا سکے۔ سچی لگن کیا نہیں کر سکتی !!

دیے ہیں جن کے مضامین فقہ، اصول فقہ، فلسفہ، منطق، کلام، اور تصوف ہیں*۔ امام غزالی ہی پہلے وہ شخص ہیں جنھوں نے نیا طریقہ "تطبیق بین المعقول والمنقول (معقول کے ساتھ منقول کی تطبیق) کا نکالا"۔

آپ کی تصنیفات کا اثر ادبیات پر اتنا گہرا پڑا کہ اس کی وجہ سے اخلاق ناصری، اخلاق جلالی وغیرہ کئی علم اخلاق کے ستارے آسمانِ ادب پر چمکے۔

وفات

امام صاحب نے ۱۴ جمادی الثانی ۵۰۵ھ ہجری (مطابق ۱۸ دسمبر ۱۱۱۱ء یوم دوشنبہ) میں بمقام طابران انتقال کیا⊗ اور وہیں مدفون ہوئے۔ اس طرح ایک آفتابِ علم و ادب سالکانِ راہِ حق کی آنکھوں کے لیے مطلع نور اور دل کے لیے مایۂ سرور چھوڑ کر غروب ہوا+

---

* امام صاحب کی چند مشہور تصنیفات یہ ہیں :—
'احیاء العلوم' (عربی) — یہ خزانۂ جملہ علوم ہے۔ اس کا خلاصہ آپ نے فارسی میں لکھا تھا جس کا نام 'کیمیائے سعادت' ہے۔ 'المنقذ من الضلال'۔ آپ کی خود نوشت سوانح عمری ہے۔ 'مقاصد الفلاسفہ'۔ 'تہافۃ الفلاسفہ'۔ 'مشکوۃ الانوار'۔ 'جواہر القرآن' یہ قرآن پاک کی چیدہ آیات کا نادر مجموعہ ہے۔ 'میزان العمل'۔ 'بدایۃ الہدایۃ' اس میں تزکیۂ نفس کے لیے ہدایات لکھی ہیں۔ 'منہاج العابدین' یہ عابدین کے لیے مشعل راہ کا کام دیتی ہے۔ 'معیار العلم' و 'محک النظر' منطق سکھاتی ہیں۔ 'یاقوت التاویل فی التفسیر' ۴۰ جلدوں میں ہے۔

⊗ السبکی نے لکھا ہے کہ امام صاحب مقبرۂ طابران میں مدفون ہیں۔ زمانہ قدیم میں طوس دو حصوں پر تقسیم تھا: ایک حصہ کا نام نوقان اور دوسرے کا نام طابران تھا۔ یہی طابران امام غزالی کا مولد و مدفن تھا+ انتقال کا دن اکثر مؤلفین نے نہیں دیا ہے۔ زکی مبارک نے یوم الاثنین لکھا ہے جو انگریزی تاریخ سے مطابق ہے۔ "تاریخ فلسفۂ اسلام" میں ۱۹ دسمبر لکھا ہے جو غلط ہے+

دوسرا نقشہ

اگلے صفحے پر جو نقشہ دیا گیا ہے اس سے یہ اندازہ لگ سکیگا کہ امام صاحب کے زمانے میں ایشیائے کوچک کی سیاسی حالت کیا تھی۔ اس نقشے میں پہلی حروب صلیبیہ کے بعد کی حالت درسائی گئی ہے، جبکہ لاتینی امراء کا دور دورہ تھا۔

یہ نقشہ دکتور زکی مبارک، ایم اے، پی ایچ، ڈی (جامعہ مصریہ) کی کتاب "الاخلاق عند الغزالی" سے لیا گیا ہے، جس کے لئے مؤلف جناب والا ڈاکٹر صاحب ممدوح کا ممنون ہے۔

امام غزالی کے عہد کی سیاسی حالت

امام غزالی کی سیاحت
ترکستان
پیمانہ
بحر خضر
گرجستان
بحر اسود
ملک روم
ترکی
انگورہ
قونیہ
تبریز
مراغہ
قزوین
جرجان
استراباد
نیشاپور
سبزوار
ہرات
طہران
ہمدان
قم
کاشان
عراق
اصفہان
ایران
یزد
افغانستان
موصل
حلب
حما
حمص
دمشق
بغداد
بیت المقدس
خلیل
بحر مشرقی
اسکندریہ
قاہرہ
مصر
نجد
جوف
بصرہ
کوفہ
اہواز
شیراز
اصطخر
کرمان
فارس
خلیج فارس
بندر عباس
بلوچستان
مکران
بحیرۂ فارس
عرب
مدینہ منورہ
بحر قلزم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ اجمعین الطیبین الطاہرین - اما بعد بدانکہ یکی ازشاگردان وتلمیذان خواجہ امام حجۃ الاسلام محمد بن محمد الغزالی قدس سرہ العزیز بعدازان کہ درخدمت وے سالہا علم خوانده بود وازہر علمی بہرۂ تمام حاصل کرده روزی باخود اندیشہ کرد کہ من سالہا رنج بردم وعلم بسیار حاصل کردم ازہر نوعی، اکنون ندانم کہ ازین علوم کدام نافع تر خواہد بود* و دستگیر آید و مونس گور را شاید و بہ عرصات فریادرس گردد، وآنچہ نافع نخواہد بود کدام بود تا ترک کنم وازان احتراز کنم کہ پیغمبر صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باپناه خدای تعالیٰ رفتہ است وگفتہ است :- " نعوذ باللہ من علم لا ینفع " - پس چندین درین فکر بود - عاقبت بحکم استفتاء بخدمت خواجہ

* یہاں سے صفحہ ۳۰ سطر ۲۰ تک کا مضمون اوندھ کے مخطوطہ میں نہیں ہے - لاہور کے مخطوطہ سے لیا گیا ہے -

امام غزالی کے عہد کی سیاسی حالت
مملکت سلجوقیہ
بزنطیہ
قونیہ
امارۂ ارمینیہ
طرسوس
امارۂ رہا
ملطیہ
سروج
حلب
رقہ
مملکت سلجوقیہ
بحر الروم
قبرس
انطاکیہ
لاذقیہ
طرطوس
حماۃ
حمص
طرابلس
بعلبک
بیروت
صیدا
دمشق
صور
عکا
قیساریہ
ارسوف
نابلس
بیت المقدس
عسقلان
الخلیل
غزہ
بحر مشرق
اسکندریہ
دمیاط
منصورہ
فرما
عریش
بلبیس
قاہرہ
مملکت خلفائے فاطمیہ
مصر
کرک
ایلہ
بحر قلزم
By courtesy of Dr. Zakī Mubārak.

ترا به نصیحت من چه حاجت است واگر ازان هیچ بتو نه رسیده است پس با من بگو' درین چند سال تحصیل تو چیست
ای فرزند از جمله نصیحتها که ازان حضرت به عالمیان نوشته اند یکی این است :- "علامت اعراض الله تعالیٰ عن العبد اشتغاله بما لا یغنیه وان امرء اذهبت ساعة من عمر فی غیر ما خلق له الحری ان یطول علیه حزنه ومن جاوز الاربعین ولم یغلب خیر فلیجتهز الی النار"۔ (۱)
ای فرزند۔ نصیحت کردن آسان است ۔ دشواری در قبول کردن است ۔ زیرا که طعم نصیحت در کام هوا پرستان تلخ باشد و منهیات (۲) محبوب ایشان است +

علم و عمل

علی الخصوص برطلب کسی که برطلب علوم رسمی وفضل و هنر دنیاوی مشغول است ، همچون آن فرزند' زیرا که طالب علم پندارد که علم مجرد وسیلت وی خواهد بود به نجات وخلاص ، و رستگاری وی در تحصیل علم است وبس ۔ واز عمل خود مستغنی (۳) و اورا خود به عمل حاجت نیست ' واین اعتقادی بد است ومذهب فلاسفه ۔ ای سبحان الله ! آخراین قدر نداند که

امام محمد غزالی نوشت و این معنی با چند مسئلۂ
دیگر از وے پرسید و التماس نصیحت و دعا
نمود کہ پیوستہ خواند و نصیحت پذیرد و گفت،
اگرچہ مولینا در جواب این مشکلات کتب بسیار کردہ
است، چون احیا و کیمیا و جواہر القرآن العلوم و
معیار العلم و میزان العمل و قسطاس المستقیم
و معارج القدس و اربعین و منہاج العابدین
الی الجنۃ و امثال آن - امّا این ضعیف چیزی
می خواہد کہ دو جزء باشد تا ہر بامداد می خواند
و بہ عمل آرد -

پس خواجہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ در جواب
او این فصل بنوشت و بہ وے فرستاد :-

"بدان اے فرزند عزیز و اے دوست مخلص
اطال اللہ تعالیٰ بقائک فی طاعتہ و سلک لک
طریق احبابہ، کہ منشور نصیحتہای اوّلین و آخرین
از حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نویسند و فرمایند فائدہ زیادتی بدہد کہ نہ ازان
نویسند و فرمایند و بسی نصیحت نامہا کہ ازان
حضرت بہ عالمیان نوشتہ اند و فرمودہ اند و
اگر ازان نصیحتہا چیزی * بتو رسیدہ است پس

* یہاں تک اوندہ کے مخطوطہ میں نہیں ہے -

بیماری کشد کاب و سکنگبین (۸) است و نخورد و آن دانش وی دفع بیماری کند یا نکند ؟ - و تو نیک دانی که نه کند -

بیت

گر می دو ہزار رطل بر پیمائی
تا می نخوری نباشدت شیدائی -

اگر صد سال علم خوانی و ہزار بار کتاب بر ہم نہی و بران عمل نہ کنی و خود را به اعمال صالحه مستعد و شایستهٔ رحمت خدای تعالیٰ نکنی، رحمت خدای تعالیٰ عزوجل در تو نه رسید - از قرآن بشنو :-

"اَن لَّیسَ لِلاِنسانِ اِلّا ما سَعیٰ "- (۹)

ای فرزند - دانم که خوانده باشی که آیة منسوخ است - آن کس منسوخ است که این سخن گفت و گیرم که این سخن منسوخ است - درین آیتهای دیگر چه گویند:-

" فَمَن کانَ یَرجُوا لِقآءَ رَبِّهٖ فَلیَعمَل عَمَلاً صالِحًا + جزاء بما کانوا یعملون - جزاءً بما کانوا یکسبونَ - اِنَّ الَّذِینَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّالِحاتِ کانَت لَهُم جَنّاتُ الفِردَوسِ نُزُلاً خالِدِینَ فِیها + الا من تاب و آمن وعملَ صالحًا "- (۱۰)

و در حدیثها چه گویند :-

" بنی الاسلام علی خمس شہادة ان لا اله الّا الله و ان محمد رسول الله و اقام الصلوٰة و آیتاء الزکوٰة وصوم شہر رمضان و حج البیت من استطاع الیه سبیلاً - الایمان

چون علم حاصل کند و بران عمل نکند حجت موکد تر (۴) گردد و خبر ندارد که رسول خدا صلوات الرحمن علیه میفرماید "اشد الناس عذاباً یوم القیمة عالم لم ینفعه الله بعلمه (۵)"
و در سخنان مشایخ آورده اند که یکی از بزرگان جنید را بخواب دید و با وی گفت :- "یا ابا القاسم ما الخبر؟" (۶) جواب داد که "طاحت العبادات وفنیت الاشارات وما ینفعنا الا رکیعات رکعناها فی جوف اللیل" - (۷)

ای فرزند از اعمال مفلس و از افعال تهی و از معانی خالی مباش و یقین می دان که علم مجرد دستگیری نه کند و ترا این به مثالی معلوم گردد :-

مثال اول - اگر کسی در بیابانی می رود و ده شمشیر هندی در نیام دارد و هم چنین دیگر سلاحها نیکو و مع هذا اہل سلاح و اہل جنگ و محاربت باشد و ناگاه شیری با وی در آید - چگوئی آن ہمہ سلاحہاے وی بی آنکه کار فرماید شرّ آن شیر از وی دفع کند یا نه؟ و تو نیک دانی که نکند - ہمچنین بعینه می دان که اگر کسی صد ہزار مسئلهٔ علمی بخواند و بداند و به عمل نیارد، ازان دانش او را فایده نخواہد بود -

مثال دیگر - اگر کسی رنجور باشد و رنج بیماری وی مثلاً از حرارت وصفرا بود و داند که علاج آن

بر ملایکه جلوه دہد۔ ملکی را فرستاد کہ آن عابد را بگو "تاکی این مجاہدت کشی و ریاضت بری کہ تو شایستہ نیستی"۔ آن ملک بیامد و آن پیغام بگذارد۔ عابد جواب داد کہ "مرا از بہر بندگی آفریدہ اند' مارا با بندگی کار است 'خداوندی او داند"۔ آن فرشتہ باحضرت رفت وگفت۔ "الٰہی عالم السِّری ودانی کہ آن عابد چہ گفت"۔ از حضرت خطاب آمد کہ چون او از بندگی بر نمی گردد' باکریمی ما ہم از و بر نمی گردیم"۔ "اشہدوا یا ملایکتی انی قد غفرت لہ"۔ (۱۳)

ای فرزند۔ بشنو کہ حضرت مصطفیٰ علیہ السلام می فرماید :۔ "حاسبوا قبل ان تحاسبوا' وزنوا قبل ان توازنوا"۔ (۱۴)

حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ می گوید :۔ "من ظن انہ بدون الجہد یصل الجنۃ فقد خطاء"۔ صلوٰت اللہ علیہ۔ (۱۵)

روزی بہ یکی گفت از صحابہ :۔ "یا فلان لاتکثر النوم باللیل فان کثرۃ النوم باللیل یدع صاحبہ فقیرا یوم القیٰمۃ"۔ (۱۶)

ای فرزند۔ "ومن اللیل فتہجد بہ نافلۃ لک" امر است (۱۷)۔

"وبالاسحار ہم یستغفرون" شکر است۔ (۱۸)

قول باللسان و تصدیق بالجنان وعمل بالارکان"۔(۱۱)
و این را دلیل بیش ازان است کہ بتوان شمرد۔ اگر ترا در خاطر آید کہ من می گویم کہ بندہ بہ عمل خود بہ بہشت خواہد رفت نہ برحمت خدای، پس بدان کہ ہنوز سخن من فہم نہ کردۂ۔ بدانکہ من این نمی گویم بلکہ می گویم :۔ "بندہ بہ رحمت و فضل و کرم خدای بہ بہشت می رسد امّا تا بہ طاعت خود را مستعد و شایستۂ رحمت نگرداند رحمت درو نرسد"۔ نہ من می گویم، خدای تعالیٰ می گوید:۔
" اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ "۔ (۱۲)
وچون رحمت در وی نرسد کی بہ بہشت رسد۔ واگر کسی گوید بمجرد ایمان بہ بہشت رسد، من نیز می گویم برسد ولیکن با خود کی برسد۔ بس عقبہا در پیش است تا آنکہ برسد :۔
عقبۂ اول آن است کہ ایمان بسلامت با خود ببرد و بہ بہشت رود، بہشتی مفلس باشد۔
ای فرزند۔ یقین دان کہ تا کار نکنی مزد نیابی۔
حکایت۔ یکی در بنی اسرائیل* سالہای بسیار عبادت می کرد۔ بارئ تعالیٰ خواست کہ خلوص اورا

---

* امام صاحب نے اپنی شاہکار "احیاء العلوم" میں بھی ایک ایسے بنی اسرائیل کی حکایت دی ہے جس نے برسوں عبادت کی تھی۔ (دیکھئے حصہ چہارم۔ باب ہفتم)۔

کہ این دو بیت گفتہ است :- شعر

لقد ہتفت فی جنح لیل حمامۃ
علیٰ فنن وہنا وانی النائم۔
کذبت وبیت اللہ لو کنت عاشقا
لما سبقتنی بالبکاء حمائم۔

طاعت وعبادت

اے پسر خلاصۂ نصیحتہا آن است کہ بدانی کہ طاعت وعبادت خود کدام است
اکنون بدان کہ طاعت وعبادت متابعت شارع ست علیہ السلام ہم در اوامر وہم
در نواہی، ہم بقول وہم بہ فعل۔ یعنی۔ آنچہ کنی وآنچہ نکنی، وآنچہ گوئی وآنچہ نہ گوئی ہمہ
بہ فرمان باشد۔ اگر گوئی بہ فرمان گوئی واگر نہ گوئی بفرمان نہ گوئی، واگر کنی بفرمان کنی
واگر نہ کنی بفرمان نہ کنی۔ وبدانکہ اگر تو کارے کنی کہ صورت عبادت دارد ونہ بفرمان
الٰہی، آن نہ عبادت باشد بلکہ عصیان باشد اگر خود نماز وروزہ بود۔ نہ بینی اگر
کسے ہر دو عید وایام التشریق بہ روزہ باشد عاصی باشد باآن کہ صورت عبادت
دارد۔ امّا نہ چون بفرمان می آرد عاصی می گردد۔ وہم چنین اگر در جامہ پلید
یا موضعی پلید نماز کند مأثوم (۲۵) باشد اگرچہ صورت عبادت دارد زیرا کہ
نہ بفرمان میکند۔ وہم چنین اگر کسے بازن حلال خود مزاح بازی کند اورا بدان
یہ ہے کہ میں نے اِس جہان فانی کی تمام مخلوقات کو دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ ہر کس و ناکس کسی نہ کسی محبوب اور معشوق کو اپنا دل دے چکا ہے اور وہ محبوب اور معشوق ایسے ہیں کہ بعض تو مرض الموت تک اُس کے ساتھ رہتے ہیں اور بعض موت تک اور چند قبر کے کنارے تک ساتھ دیتے ہیں اور پھر اُس کو خاک میں ملا کر واپس آجاتے ہیں، اور اُس کو قعرِ گور میں تن تنہا چھوڑ دیتے ہیں - کوئی معشوق اُس کے ساتھ قبر کے اندر نہیں گیا اور نہ اُس کا غمخوار بنا - پس میں نے غور کیا اور اپنے دل میں خیال کیا - " محبوب وہی بہترین اور خوبترین ہے جو اپنے عاشق کے ساتھ قبر میں جائے اور تاریکیٔ قبر میں روشنی کی طرح کام آئے - پس میں نے بہت غور کیا تو یہ بات سمجھ میں آئی کہ وہ محبوب جس میں یہ صفت ہے **اعمال نیک** ہیں، اِس لئے میں نے اُن کو اپنا محبوب بنایا تاکہ وہ میرے ساتھ قبر میں رہیں اور وہاں چراغ کا کام دیں - قیامت کی منزلوں میں میرے ساتھ رہیں اور دکھ درد سہیں" - شقیق نے کہا "شاباش، زندہ باش، اے حاتم (۴۳) - تو نے بہت خوب اور اچھی بات کہی - دوسرا فائدہ کیا ہے؟" حاتم نے عرض کیا - " اے اُستاد

دوسرا فائدہ

یہ ہے کہ میں نے اس جہان فانی کی تمام مخلوقات کو بنظر تعمق دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ سب لوگ اپنے ہوا و ہوس کی پیروی کرتے ہیں اور نفس امارہ کے مطیع ہیں - پس میں نے اس آیت پر غور کیا کہ " ولیکن جس شخص نے اپنے مالک کے حضور میں کھڑے ہونے سے خوف کیا اور اپنے نفس کو خواہشات (نفسانی) سے باز رکھا، پس تحقیق جنت اُس کے لئے جائے امن ہے (۴۴) - میں نے

صرف ایک حدیث کو اختیار کیا ہے، کیونکہ علم اولین و آخرین کو میں نے اُس ایک حدیث میں مضمر دیکھا اور وہ حدیث یہ ہے جو آنحضرت صلعم نے ایک صحابی سے ارشاد فرمائی :- "تو اپنے قیام زندگی کے موافق دنیا کے واسطے عمل کر اور خدا کے واسطے اُتنا ہی عمل کر جتنی تجھکو اُس کی طرف حاجت ہے اور آگ (یعنی دوزخ) کے لئے اُتنا عمل کر جتنا تو اُس آگ کو صبر سے سہہ سکتا ہے (۳۱)

اے فرزند، اِس حدیث سے تجھکو معلوم ہوگیا کہ تجھے زیادہ علم کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ علم بہت پڑھنا اور حاصل کرنا ایک فرض کفایہ ہے (یعنی فرض عین نہیں ہے) اور دوسروں نے یہ وزن تیری گردن سے ہٹا لیا ہے۔

اِس دوسری حکایت پر بھی غور کر تاکہ تیرا یقین واثق تر ہو جائے :-

حکایت دوم

منقول ہے کہ حاتم اصم رح شقیق بلخی رح کے شاگردوں اور مریدوں میں سے ہیں۔ ایک دن شقیق نے اُن سے کہا "اے حاتم کتنی مدت ہوئی کہ تو میری صحبت میں ہے اور میری نصایح سنتا ہے؟" حاتم نے عرض کیا "تینتیس ۳۳ برس سے" شقیق نے فرمایا "اتنی مدت مدید میں تو نے مجھ سے کیا سیکھا اور کتنے مفید اقوال مجھ سے سُنے؟" حاتم نے عرض کیا "آٹھ مفید پند حاصل کی ہیں" شقیق نے تعجب سے کہا "ہم خدا کی ملک ہیں اور تحقیق اُسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ (۳۲) - میں نے اپنی تمام عمر تیری بہبودی کے لئے صرف کی مگر تو نے مجھ سے صرف آٹھ باتیں حاصل کیں، اور اِن سے زیادہ کچھ نہیں"۔ حاتم نے عرض کیا "اے اُستادِ شفیق، اگر آپ سچ پوچھتے ہیں تو ایسی ہی بات ہے اور مجھے اِن سے زیادہ کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ میرے لئے صرف اِتنا ہی علم کافی و وافی ہے۔ کیونکہ مجھے یقین ہے کہ دونوں جہان میں میری خلاصی اور نجات اِن ہی آٹھ فواید پر منحصر ہے" شقیق نے فرمایا "اے حاتم سُنا۔ یہ آٹھ

ہیں نے تقویٰ اختیار کیا تاکہ درگاہِ ذوالجلال میں سرفراز ہوں"۔ شقیق نے مرحبا کہا۔

پانچواں فائدہ

یہ ہے کہ میں نے ہر قوم کو ایک دوسرے کی برائی کرتے ہوئے پایا اور عیب جوئی میں منہمک دیکھا۔ جب میں نے اس پر غور کیا تو معلوم ہوا کہ ایک شخص دوسرے کے مال وجاہ وعلم کو دیکھکر حسد کرتا ہے اور اس لئے یہ حالت ہے۔ پس میں نے اس آیت پر غور کیا "ہم نے اُن کے درمیان اُن کی روزی کو تقسیم کر دیا" (۴۴)۔ اس لئے میں نے سمجھ لیا کہ ہر شخص کی قسمت روزازل میں ہی بنا دی گئی ہے اور کسی کو اس میں ردّ و بدل کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ اس لئے میں نے کسی پر حسد نہیں کیا اور خدا نے میری قسمت میں جو کچھ معیّن کر دیا تھا اس پر راضی ہوا' اور اس دنیا کے ہر کس و ناکس سے صلح کر لی"۔ شقیق نے کہا۔"اللہ تجھے برکت دے"۔

چھٹا فائدہ

یہ ہے کہ میں نے اس دنیا میں بنظر غور دیکھا تو یہ سمجھ میں آیا کہ ہر قوم ایک دوسرے کی دشمن ہے۔ اور ہر شخص کسی نہ کسی سبب اور غرض کی وجہ سے دوسروں سے مخاصمت رکھتا ہے۔ اس لئے میں نے اس آیت میں تامل کیا۔" درحقیقت شیطان تمھارا دشمن ہے' پس تم بھی اُسے اپنا دشمن سمجھو" (۴۵)۔ میں نے سمجھ لیا کہ خدا تعالیٰ کا ارشاد برحق ہے' اور سوائے شیطان اور اُس کے پیروؤں کے انسان کا کوئی دشمن نہیں ہے' اس لئے میں نے شیطان کو اپنا دشمن جانا اور اُس کا کہنا نہ مانا اور نہ اُس کی پرستش کی۔ بلکہ خدا تعالیٰ کا فرمان مانا اور اُس کی ہی پرستش کی اور اُس کی ہی اطاعت کی' کیونکہ سیدھی راہ یہی ہے۔ جیسا کہ خدائے تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔" کیا میں نے تمھاری طرف عہد نہیں کیا ہے' اے اولادِ آدم' کہ شیطان کی پرستش نہ کرو کیونکہ درحقیقت وہ تمھارا جانی دشمن ہے' اور

بہ یقین یہ سمجھ لیا کہ قرآن پاک سچ ہے اور برحق۔ اس لئے میں نے نفس کے خلاف جہد کرنے کے لئے کمر ہمت کس لی اور اسے مجاہدہ کی کٹھالی میں رکھکر اس کی ایک بھی آرزو پوری نہ کی۔ حتیٰ کہ وہ طاعت الٰہی پر راضی ہوگیا۔ شقیق نے کہا " اللہ تعالیٰ تجھے برکت دیے (۳۷)، تو نے خوب کہا اور بہت اچھا کہا"۔

تیسرا فائدہ

یہ ہے کہ میں نے اس دنیا کو بنظر تامل دیکھا تو میری سمجھ میں آیا کہ اِس دنیا میں ہر شخص کوشش اور رنج میں مبتلا ہے اور جب دنیا کی اِن ہیچ اور ادنیٰ چیزوں میں سے اُسے کوئی چھوٹی سی چیز مل جاتی ہے تو وہ اس سے نہایت خوش ہوتا ہے، گویا اُسے ایک نعمت عظمیٰ مل گئی ہے۔ پس میں نے اس آیت پر تامل کیا کہ " جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ خرچ ہو جاتا ہے فنا ہو جاتا ہے، مگر جو کچھ خدا کے پاس ہے وہ دایم قایم رہتا ہے" (۳۸)۔ پس میں نے جو سرمایہ دنیا کی چیزوں کا اکٹھا کیا تھا وہ راہ حق میں خیرات کر دیا اور فقیروں وغریبوں کو تقسیم کر دیا۔ اور بطور امانت خدا کے سپرد کر دیا تا کہ اُس کی درگاہ لایزال میں قایم رہے اور راہِ آخرت میں میرے لئے توشہ و رہبر ہو۔ شقیق نے کہا۔ " اللہ تمھکو نیک بدلہ دے" (۳۹)

چوتھا فائدہ

یہ ہے کہ میں نے دیکھا کہ ایک گروہ ایسا ہے جو خیال کرتا ہے کہ انسان کی فضیلت اور عزت اور بزرگواری قبایل اور رشتہ داروں کی زیادتی پر منحصر ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ گروہ اِسی بات پر فخر کرتا ہے۔ دوسرا گروہ سمجھتا ہے کہ انسان کا شرف غصہ ور ہونے، مارنے، قتل کرنے اور خونریزی کرنے میں ہے۔ تیسرا گروہ یہ سمجھتا ہے کہ (انسان کا شرف) فضول خرچی میں ہے۔ پس میں نے اس آیت پر غور کیا کہ " تحقیق خدا کے نزدیک تم میں سے وہی سرفراز ہوگا جو متقی اور پرہیزگار ہے"۔ (۴۰)۔ میں نے سمجھ لیا کہ یہ سچ ہے اور خلق کے خیالات و گمان باطل ہیں۔ اس لئے

اے فرزند' اِن دونوں حکایتوں سے تجھے معلوم ہو گیا کہ تجھے زیادہ
علم کی ضرورت نہیں ہے۔ اب ہم پھر اپنی بات کی طرف رجوع کرتے ہیں اور
سالک راہ خدا پر جو عمل واجب ہے وہ تمام و کمال لکھتے ہیں۔ اے فرزند
پانچویں نشانی۔ پیر ایسا ہونا چاہیے کہ جو اپنے مرید کی رہنمائی
اور تربیت جیسی چاہیئے ویسی کرے۔ بُرے اخلاق اُس سے دور کر دے اور
اُن کی جگہ ستودہ و پسندیدہ اخلاق اُس کے دل میں بھر دے۔ اور تربیت
کے معنی یہ ہیں کہ کاشتکار کی طرح کام کرنا چاہیے' جو کہ غلّہ کی تربیت کرتا ہے
یعنی ہر نکمّی گھاس پھوس جو کہ غلہ کے ساتھ اوگ آئی ہے' نکال کر غلہ سے دور
پھینکدیتا ہے' اور اسی طرح کنکر' پتھر' مٹی کے ڈھیلے وغیرہ جو کھیت کے اندر
ہوتے ہیں باہر پھینک دیتا ہے اور پانی و کھاد ڈالتا ہے تاکہ غلہ کی پرورش
ہو اور وہ اچھی طرح نشو و نما پائے۔ درحقیقت کسی سالکِ راہ خدا یتعالیٰ
کو بغیر پیر مربی کے کامیابی نصیب نہیں ہو سکتی کیونکہ خدا یتعالیٰ نے پیغمبرؐ کو اس
دنیا میں اس لئے بھیجا تھا کہ آپ خدا یتعالیٰ کی راہ دنیا والوں کو دکھائیں اور
اُنھیں اُس راہِ راست پر چلائیں جو خدائے عزوجل کی درگاہ میں پہنچتی ہے۔
اور جب آنحضرتؐ نے اس دارِ فانی سے رحلت فرمائی تو آپ نے اپنی
جگہ پر نائبان چھوڑے تاکہ وے قیامت تک مخلوقات کے واسطے راہِ حق
کے رہنما ہوں۔ پس سالک کو کسی پیر روشنضمیر کے سایے میں رہنا اور
اُس کا دامن پکڑنا لازمی اور ناگزیر ہے تاکہ یہ پیر رسولؐ کا نائب ہو اور
راہ خدا پر ہدایت کرے۔

اس پیر کی نشانی جو رسولؐ کی نیابت کے قابل ہوتا ہے یہ ہے کہ وہ عالم ہو' مگر ہر شخص
جو عالم ہو پیر بننے کے لئے شایستہ نہیں ہوتا بلکہ اس کام کی اہلیت اُس عالم کو ہے جس میں چند نشانیاں

یہ کہ میری پرستش کرو، یہی سیدھی سڑک ہے" (۴۶) شقیق نے کہا "شاباش!"

ساتواں فائدہ

یہ ہے کہ میں نے اس دنیا میں بنظر تامل دیکھا تو میری سمجھ میں آیا کہ ہر شخص اپنی روزی اور معاش کے لئے سخت کوشش اور جد وجہد کرتا ہے اور اس سبب سے ناکردنی کاموں اور شبہات کے گرداب میں پھنسا ہوا ہے، اور خود کو خوار و بے مقدار بنائے ہوئے ہے۔ پس میں نے آیت میں تامل کیا کہ "اور کوئی زمین پر چلنے والا نہیں مگر اس کی روزی خدا پر ہے (یعنی خدا ہر مخلوق کو رزق پہونچاتا ہے)" (۴۷)۔
پس میں نے سمجھ لیا کہ قرآن پاک سچ ہے اور میں رُوئے زمین کی مخلوقات میں سے ایک ہوں۔ اس لئے میں خدا تعالیٰ کی عبادت و تذکیر میں مشغول ہوا اور بخوبی یقین کرلیا کہ وہ میری روزی ضرور پہونچا دیگا کیونکہ اس نے وعدہ کیا ہے۔

آٹھواں فائدہ

یہ ہے کہ میں نے دیکھا کہ ہر شخص کسی دوسرے انسان یا چیز پر بھروسہ رکھتا ہے۔ کسی نے سونے چاندی، مال و دولت پر بھروسہ کیا ہے، تو دوسرے نے اپنی جائداد غیر منقولہ اور املاک پر، تو تیسرے نے اپنی آمدنی اور پیشہ اور صنعت وحرفت پر، تو چوتھے نے اپنے جیسے کسی دوسرے انسان پر۔ پس میں نے اس آیت میں تامل کیا کہ "اور جو خدا پر بھروسہ کرتا ہے، اُس کے لئے وہی کافی ہے" (۴۸)۔ اِس لئے میں نے خدا تعالیٰ پر بھروسہ کیا اور وہ میرے لئے کافی ہے اور اچھا وکیل ہے (۴۹)۔ شقیق نے کہا "اے حاتم۔ اللہ تعالیٰ تجھے توفیق دے کیونکہ میں نے توریت اور انجیل اور زبور اور فرقان مجید میں بنظر تامل دیکھا تو اس نتیجہ پر پہونچا کہ یہ چاروں مقدس کتابیں اِنہی آٹھ فائدوں پر مبنی اور منحصر ہیں۔ جو شخص اِن کو اپنا دستور العمل بنائیگا وہ گویا اِن چاروں کتابوں کو اپنا رہنما بنائیگا۔

ایسے مسئلہ میں بھی جس میں وہ سمجھتا ہو کہ پیر غلطی پر ہیں بحث و حجت نہ کرے اور سالک کو چاہیئے کہ پیر کے حضور میں سجادہ نہ بچھائے بجز اُس وقت کے کہ جب نماز پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجادہ لپیٹ کر رکھ دے اور پیر کے سامنے نماز نافلے بہت دیر تک نہ پڑھے پیر جو حکم دے اسکے مطابق عمل کرنے کی حتی الامکان کوشش کرے

احترام باطن - مگر باطنی عزت یہ ہے کہ جو کچھ ظاہر میں پیر سے سُنے اُس سے باطن میں انکار نہ کرے نہ تو گفتار میں نہ تو کردار میں ورنہ منافق ہوگا - اور اگر سالک یہ بات نہ کر سکے تو اسے چاہیئے کہ پیر کی صحبت ترک کر دے تا وقتیکہ باطن بھی ظاہر کے موافق ہو جائے۔

چھٹا - یہ کہ سالک کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے نفس کو اپنے قابو میں رکھے اور یہ بات اُسے اُس وقت میسر ہوگی جبکہ وہ صحبت بد سے پرہیز کریگا تاکہ شیاطین الانس و جن کا قبضہ اسکی ولایت دل سے ہٹ جائے اور شیطانیت کی آلودگی اُس سے دور ہو جائے

ساتواں - یہ کہ ہر حال میں درویشی و فقر کو تونگری پر ترجیح دے اور اپنا شعار و دثار بنائے اور مندرجہ صدر سات باتیں ایسی ہیں جو سالک راہ خدائے تعالیٰ کے لیے واجب ہیں

تصوّف

اے فرزند تو نے دریافت کیا ہے کہ تصوّف کیا ہے یاد رکھ کہ تصوف دو چیزیں ہیں: - ایک تو خدا کے ساتھ سچائی اور دوسری خلق خدا کے ساتھ نیکی - جو شخص خدئے تعالیٰ کے ساتھ سچائی کا سلوک کرتا ہے اور خلق خدا کے ساتھ خوش خلقی اور بُردباری کے ساتھ پیش آتا ہے وہ صوفی ہے اور خدائے تعالیٰ کے ساتھ سچائی یہ ہے کہ اپنے نفس کی لذتوں کو خدا کے حکم پر نثار کر دے اور خلق خدا کے ساتھ خوش خلقی یہ ہے کہ اپنی رنج کی مراد حاصل کرنے کے لیے کسی کی حق تلفی نہ ہونے دے بلکہ اپنی حق تلفی اُنکی مراد کے لیے ہونے دے تاوقتیکہ ان کی مراد موافق شرع ہو (یعنی دوسرے کی

ہوں۔ اور ہم بطریق اختصار اُن نشانیوں میں سے بعض بیان کرتے ہیں تاکہ ہر کس وناکس یہ دعویٰ (پیر بننے کا دعویٰ) صرف تھوڑا سا علم حاصل کرکے ہی' نہ کرسکے:۔

پیر کی نشانیاں

جس انسان نے دُنیا اور طمع' منصب اور مرتبہ کی محبت سے منہ پھیر لیا ہو (یعنی ان کی پرواہ نہ کرتا ہو) اور اُس کی ذاتی متابعت سلسلہ وار رسول مقبول تک پہونچتی ہو اور آنحضرتؐ کے ارشاد کے موافق اُس نے ہر طرح کی ریاضت کی ہو' مثلاً کم کھانا' کم بولنا' نماز بہت پڑھنا' روزہ بہت رکھنا اور صدقہ بہت دینا۔ اور آنحضرتؐ کی منور مثال کو شمعِ راہ بنانے کی وجہ سے اچھے پسندیدہ اخلاق اس کی سیرت ہی بن گئے ہوں' مثلاً صبر وشکر و توکل و یقین وسخاوت وقناعت وامانت وضمانت ومال خرچ کرنا وعلم وانکسار و دانائی و وصدق وحیا و وقار وسکون و تانّی و دیگر ایسے ہی اخلاق اور حضرت پیغمبرؐ کے انوار سے اُس نے نور حاصل کیا ہو' اور بُرے اخلاق اس روشنی کی برکت سے نیست ونابود ہو گئے ہوں' مثلاً کبر وحسد وبخل وکینہ وحرص وامیدِ دراز وغصہ وچھوٹی چھوٹی باتوں پر آپے سے باہر ہو جانا وغیرہ کا نام ونشان بھی نہ رہا ہو۔ دوسروں کے علم سے وہ مستغنی ہو گیا ہو اور بجز علم سرورِ کائنات کسی دوسرے کے علم کی اُسے ضرورت نہ رہی ہو۔

پیرانِ طریقت کی نشانیوں میں سے بعض یہ ہیں اور ایسے علماء ہی ایسے بزرگ ہیں جو نائبِ رسولؐ کے لایق ہیں' جیسا کہ اوپر لکھا جاچکا ہے۔ اُن کی پیروی کرنا اولیٰ وانسب ہوتا ہے۔ مگر ایسا پیر شاذ ونادر ہی ملتا ہے۔ اگر کسی کو یہ نعمتِ غیر مترقبہ مل گئی ہو اور توفیقِ الٰہی اُس کی مدد کرے کہ وہ پیر با تدبیر اُسے اپنی خدمت میں قبول بھی کرلے تو سالک کو چاہیے کہ پیر کی عزت ظاہر وباطن دونوں طریقوں سے کرے۔

پیر کی عزت

احترام ظاہر۔ پیر کی ظاہری عزت یہ ہے کہ اُس سے مجادلہ نہ کرے اور نہ کبھی کسی

اخلاص

اے فرزند تو نے دریافت کیا ہے کہ اخلاص کیا ہے*** یاد رکھ کہ اخلاص یہ ہے کہ تیرے تمام کام خدائے تعالیٰ کے لئے ہوں اور جو کام تو کرے اس میں تیرا دل خلق کی طرف مائل نہ ہو اور تیرے دل میں ستایش خلق کی خواہش نہ ہو اور نکوہش خلق سے تیرا دل پژمردہ نہ ہو۔ اور ریا درکھ کہ ریا خلق کو بزرگ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے اور ریا کا علاج یہ ہے کہ خلق کو قادر مطلق کا مطیع و فرمانبردار سمجھے اور ان کو جمادات کے مانند خیال کرے یعنے ایسا خیال کرے کہ جس طرح جمادات میں کوئی ذاتی قدرت اور ارادہ نہیں ہے اور وے تجھے کوئی راحت یا رنج نہیں پہنچا سکتے اسی طرح تمام خلایق کو سمجھ تاکہ تو خدا سے منہ پھیر لینے سے

خدا تم کو روٹی بغیر سیر کر دیگا یا روٹی کو یہ قوت دیدیگا کہ وہ خود تم تک چلی آئے یا کوئی فرشتہ مقرر کر دیگا کہ روٹی کو چبا کر تمھارے معدہ میں ڈالدے تو تم نے خدا کی عادت کو بالکل نہیں سمجھا۔"

ظنی میں بھی اسباب سے قطع نظر کرنا توکل میں مشروط نہیں یہی وجہ ہے کہ حضرت صلعم سفر میں سوئی مقراض رسی اور رچھا گل ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے تھے البتہ احتمالی اسباب یعنے جن سے کبھی کبھی اتفاقیہ طور سے مقصد حاصل ہو جاتا ہے ان کی تلاش و جستجو میں رہنا توکل کے خلاف ہے۔

ترجمہ عربی۔ خانقاہوں میں مقررہ روزینے پر بسر کرنا توکل سے بعید ہے البتہ اگر سوال نہ کیا جائے اور تحفہ ہدایا پر قناعت کی جائے تو توکل کی شان ہے لیکن جب شہرت ہو چکی ہو تو خانقاہ میں بمنزلہ بازار کے ہیں اور ان میں رہنا گویا بازار میں رہنا ہے اور جو شخص بازار میں آتا ہے وہ متوکل نہیں کہا جا سکتا مگر اس حالت میں کہ اور بہت سی شرطیں پائی جاتی ہیں۔ جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں۔

*** مولانا شبلی الغزالی کے صفحہ (۵۵) پر فرماتے ہیں۔

فلسفہ اخلاق کا سب سے مہتم بالشان مسئلہ یہ ہے کہ اخلاص کی غرض و غایت کیا ہے یعنے ہم کو برائیوں سے کیوں بچنا چاہیے؟ اور کیوں اچھی باتیں اختیار کرنا چاہئیں اور واعظین اور زہاد و عباد کے نزدیک اس کا حاصل صرف دوزخ سے نجات پانا اور لذائذ بہشت کا حاصل ہونا ہے یہی وجہ ہے کہ واعظین کا وعظ عموماً بہشت کی دلفریبیوں کی پر لطف داستان ہوتی ہے لیکن امام صاحب کے نزدیک یہ ایک پست اور مبتذل خیال ہے۔ بہشت کا حاصل ہونا اور دوزخ سے محفوظ رہنا بے شبہ تقویٰ کا لازمی نتیجہ ہے لیکن یہ چیزیں اصلی مقصد نہیں قرار پا سکتیں بے شبہ ایک عامی اسکو انتہائی آرزو خیال کرتا ہے لیکن بلندی نظر کا یہ اقتضا نہیں اگر اسکی صرف اتنی حاجت

مُراد کو اپنی مراد پر مقدم رکھے۔)

بندگی

اے فرزند تونے دریافت کیا ہے کہ بندگی کیا ہے۔ یاد رکھ کہ بندگی تین چیزوں کا مجموعہ ہے (یعنے بندگی ایک گلدستہ ہے جس میں تین قسم کے پھول اپنی بھینی بھینی خوشبو سے مشام دلکو حیات تازہ بخشتے ہیں۔

ایک تو احکام شرع کی پابندی دوسری قضا وقدر پر خدائے تعالیٰ میں خوش رہنا تیسری اپنے اختیار اور خواہش کو چھوڑ دینا۔ اور اختیار و خواہش خدائے تعالیٰ میں ہی اپنی بہتری سمجھ کر خوش رہنا۔

توکل

اے فرزند تونے دریافت کیا ہے کہ توکل کیا ہے* یاد رکھ کہ توکل یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ پر ان وعدوں کے لیے جو اس نے کیے ہیں یقین واثق رکھ یعنے یہ عقاد راسخ رکھ کہ جو کچھ خدا نے تیری تقدیر میں لکھ دیا ہے وہ ضرور تجھے ملیگا۔ اور اگر تجھے کوئی نقصان پہنچتا ہے تو اگر دنیا کی تمام طاقتیں اس نقصان و بلا کو دفع کرنیکی سعی بلیغ کریں تو بھی اسے دفع نہیں کر سکینگی اور جو کچھ تیری تقدیر میں نہیں لکھا گیا ہے وہ تیری جد و جہد سعی و کوشش سے اس جہان میں تجھے ہرگز نہیں مل سکیگا۔

---

* مولانا شبلی الغزالی کے صفحہ (۴۰) پر یہ فرماتے ہیں

امام صاحب نے توکل کے جو معنی بیان لیے ہیں وہ ایک وجدانی کیفیت یا حالت ہے اور وجدان یا ذوق پر طاری ہوتی ہے۔ بے شبہ یہ حالت جس پر طاری ہو جائے وہ ظاہری اسباب سے بے نیاز ہو جائیگا لیکن آج جو لوگ توکل کے مدعی ہیں کیا اس معنی کے لحاظ سے ہیں؟ اگر نہیں ہے تو ان کو ہاتھ پاؤں توڑ کر دنیا ذیر زندگی بسر کرنے کا کیا حق ہے۔

امام صاحب نے توکل کی اصلی کیفیت میں بھی یہ جائز نہیں رکھا کہ متوکل شخص اسباب وسائل سے دست بردار ہو جائے وہ لکھتے ہیں کہ اسباب وسائل کی تین قسمیں ہیں قطعی، ظنی، احتمالی قطعی اسباب سے قطع نظر کرنا بالکل ناجائز ہے۔

ترجمہ عربی۔ یہ محض جنون ہے اور اسکو توکل سے کچھ لگاؤ نہیں کیونکہ مثلاً اگر تم اس بات کے منتظر رہو کہ

عمل

تو جو کچھ جانتا ہے اسی کو اپنے عمل میں لاتا کہ جو کچھ تو نہیں جانتا ہے وہ تجھ پر ظاہر ہو جائے
اے فرزند اس کے بعد تجھے جو مشکل درپیش آئے اسکے متعلق مجھ سے سوائے بذریعہ زبان حال
کوئی سوال نہ پوچھنا اور اگر تحقیق وے صبر کرتے یہانتک کہ تم خود انکی طرف نکلتے تو ان کے
لیے بہبودی تھی"۔ (۵۵)

خضر علیہ السلام کی نصیحت قبول کرو

پس تو مجھ سے کسی شئے کے بارے میں سوال نہ کر جبتک کہ میں خود تجھ سے اس کا ذکر
نہ کروں جلدی مت کر جب وقت آئیگا تو خود تجھ سے کہا جائیگا اور بتا دیا جائیگا۔
"میں عنقریب تم کو اپنی نشانیاں دکھاؤنگا پس جلدی نہ کرو" تو پیش از وقت کسی
بات یا امر کے بارے میں مت پوچھ کیونکہ جب تو اس موقع پر پہونچ جائیگا تو خود دیکھ لیگا
لیکن یہ بات بیقین سمجھ لے کہ جبتک تو خود نہ چلیگا (منزل مقصود تک) نہ پہونچیگا اور نہ دیکھیگا
"کیا انھوں نے زمین کی سیر نہیں کی تاکہ وے دیکھتے" (۵۸) اے فرزند خدا کی قسم اگر تو سیر کریگا
(یعنی کسی کام میں جد و جہد کریگا) تو ہر منزل میں عجیب چیزیں دیکھیگا۔ ہر کام میں جان لڑادے
کیوں کہ بلا جاں نثاری کے کوئی کام پورا نہیں ہوتا۔ مصر کے رہنے والے بزرگ ذوالنون رح
نے اپنے ایک شاگرد سے کہا :۔ اگر تجھ میں ہمت اور طاقت ہے کہ اپنی روح کو قربان کر سکتا
ہے تو آگے بڑھ اور اگر یہ نہیں کر سکتا تو صوفیوں * کے کلام اور شیخی کی باتوں میں دل نہ لگا

* صوفیہ قدس اللہ اسرارہم کے بارہ میں امام صاحب نے ہر جگہ تعریف و توصیف لکھی ہے
رسالہ "منقذ من الضلال" آپ کی خود نوشت سوانح عمری ہے جس نے فیلسوفوں کو دریائے حیرت
میں غرق کر دیا ہے۔ ہم کچھ امام غزالی ترجمہ رسالہ "منقذ من الضلال" میں سے چند سطور نقل کرتے ہیں
"جب میں ان علوم (علم کلام۔ فلسفہ۔ منطق۔ طبعیات الہیات وغیرہ) سے فراغت پا چکا تو
صوفیائے کرام قدس اللہ سرہم کے طریق کی طرف متوجہ ہوا تب میں نے جانا کہ طریق علم اور عمل دونوں

نجات پائے کیونکہ جب تک تو خلق کو قادر اور کوئی بات پیدا کرنے والا سمجھیگا ریا* تیرا پیچھا نہ چھوڑیگی۔

اے فرزند تیرے باقی سوالات میں سے بعض ایسے ہیں جو میری تصانیف اور کتب میں لکھے ہوئے ہیں اس جگہ تو اُن کو ڈھونڈھ لے اور تیرے بعض سوالات ایسے ہیں کہ جن کا جواب لکھنا حرام ہے۔

سے کی جائے کہ عاقبت میں اس کا دس گنا عوض ملیگا تو وہ نیکی نہیں بلکہ تجارت ہے۔

امام صاحب نے اخلاص کے بیان میں یہ مقصد نہایت صفائی اور آزادی سے ظاہر کیا ہے۔ ان کے خاص الفاظ یہ ہیں:—

"رویم کا قول ہے کہ اخلاص کے یہ معنی نہیں کہ کام کا معاوضہ دنیا و آخرت میں کہیں نہ چاہا جائے رویم کا یہ قول اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حظ نفس خواہ دنیا میں ہو یا آخرت میں آفت ہے جو عابد اس غرض سے عبادت کرتا ہے کہ بہشت کے مزے اڑائیگا وہ صاحب غرض ہے عبادت کا مقصد صرف رضائے الٰہی ہونا چاہیے باقی جو شخص جنت کی امید اور دوزخ کے خوف سے عبادت کرتا ہے وہ فوری نفع کے لحاظ سے مخلص کہا جا سکتا ہے لیکن درحقیقت وہ شکم پرست اور زن پرست ہے حقیقت یہ ہے کہ جس شخص کے نزدیک صرف خوف دوزخ نیکی و بدی کی علت ہو اسکو گناہ کے ارتکاب کے بعد ندامت اور خشوع کی کیفیت پیدا نہیں ہو سکتی اسکی حالت بعینہ ایسی ہوگی جیسے کسی شخص کا کچھ مال نقصان ہو جائے لیکن ندامت اور پشیمانی اور خشوع سے اسکو واسطہ نہ ہوگا حالانکہ سوز و گداز جو بارگاہ الٰہی میں سب سے زیادہ مقبول چیز ہے انہی چیزوں کا نام ہے"

* امام صاحب نے ریا کو بھی بہت بڑا عیب بتلایا ہے کیونکہ ان کے زمانہ میں جاہلوں کا تسلط ہر طبقہ میں پایا جاتا تھا اور ہر شخص اس مرض میں مبتلا تھا۔ غزالی نے احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ علما اور زہاد میں بھی یہ عیب پایا جاتا ہے اور یہ لوگ دین اللہ کو اپنے اغراض خبیثہ کے لیے آلہ زینہ بنائے ہوئے ہیں اور دوسروں کو دھوکہ دینا اور لوٹ لینا ان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔

ناکردنی اول

یہ کہ تجھے چاہیے کہ جہاں تک ممکن ہو مناظرہ* نہ کرے اور کسی سے کسی مسئلہ میں جو معرض بحث میں ہو حجت نہ کرے کیونکہ اس طرز عمل میں بہت آفات ہیں اور اس کا نقصان اسکے فائدہ سے بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ عادت (مناظرہ کرنے کی) تمام اخلاق ذمیمہ کا سرچشمہ ہے۔ مثلاً ریا و حسد و کبر و حقد و عداوت و شیخی وغیرہ اور اگر کوئی مسئلہ تیرے اور کسی دوسرے شخص کے درمیان یا کسی قوم کے درمیان واقع ہوا اور تو یہ چاہے کہ جو کچھ سچ بات ہے وہ ظاہر ہو جائے تو اس نیت سے مناظرہ کرنا واجب ہوتا ہے تاکہ اس مسئلہ سے متعلق بحث ہو سکے اور اس نیت کی سچائی کی دو نشانیاں ہیں۔

خدا کی طرف اس طرح متوجہ ہو کہ کسی کا مطلقاً خیال نہ آنے پائے اسکے ساتھ زبان سے اللہ اللہ کہتا جائے رفتہ رفتہ یہ مشق اس قدر بڑھ جائے کہ زبان کو حرکت نہ ہو اور تصور میں زبان سے اللہ اللہ کا لفظ نکلتا جائے پھر یہ تصور جاتا رہے اور اللہ کا نقطہ دل سے نکل رہا ہے یہ تصور اس حد تک پہونچ جائے کہ صرف معنے کا خیال جاتا رہے اور اللہ کا تصور دل میں اس طرح اثر کر جائے کہ کسی وقت جدا نہ ہونے پائے۔ جب یہ حالت پیدا ہو جائیگی تو مکاشفہ ہوگا ابتدا میں برق خاطف کی طرح نکل جائیگا پھر ترقی ہوتی جائیگی اور ثبات اور دوام حاصل ہوگا (احیاء العلوم جلد دوم بیان الفرق بین الالہام والتعلیم بحوالہ الغزالی ۱۹۲۳ء) از مولانا شبلی صفحہ ۱۹۱ -

* امام صاحب کے زمانہ میں مناظرہ ومجادلہ کا بازار بہت گرم تھا اور اس آگ کی چنگاریاں علماء و فضلاء کے دلوں کو بھی خاکستر بنا رہی ہوئے تھیں۔ یہاں ہم مولانا شبلی صاحب کی رائے مختصراً پیش کرتے ہیں ۔ اخلاق کی خرابی کا ایک بڑا سبب مناظرہ اور مجادلہ کا رواج تھا دوسری صدی میں اس کی ابتدا ہوئی تھی رفتہ رفتہ اس کا عام رواج ہو گیا........ مناظرہ کا طریقہ اس قدر لازمی ہو گیا تھا کہ جب امام صاحب دوبارہ بغداد میں طلب کیے گئے تو اسی بنا پر انھوں نے انکار کیا کہ وہاں مناظرہ کے بغیر چارہ نہیں اور میں اب مناظرہ سے توبہ کر چکا ہوں"۔

یہ طریقہ اگرچہ علم و فن کی وسعت اور ترقی کے لیے مفید تھا لیکن رفتہ رفتہ اس نے بہت سی اخلاقی برائیاں پیدا کر دی تھیں۔ امام صاحب نے خاص اس مسئلہ پر احیاء العلوم میں ایک جداگانہ عنوان قایم کیا جن کے الفاظ یہ ہیں :-

اے فرزند میں اپنی بات کو مختصر کرتا ہوں اور تجھے آٹھ باتیں نصیحت کرتا ہوں اُن میں سے چار تو نا کردنی ہیں اور چار کردنی" تا کہ علم قیامت میں تیرا دشمن نہ ہو۔

سے پورا ہوتا ہے اور ان کے عمل کا نتیجہ اور حاصل یہ ہے کہ عقبات نفس کے قطع ہو جاتے ہیں اور وہ اخلاق اور صفات خبیثہ سے منزّہ اور مبرا ہو کر اخلاق محمودہ اور صفات حمیدہ سے آراستہ اور پیراستہ ہو جاتا ہے اور دل غیر اللہ تعالیٰ سے خالی ہو کر ذکر اللہ تعالیٰ سے متجلّی ہو جاتا ہے اور چونکہ مجھ کو ان کے عمل کی بہ نسبت ان کے علم کا مرحلہ طے کرنا سہل اور آسان تھا اس لیے میں نے پہلے انکا علم تحصیل کرنا انکی کتابوں سے شروع کیا (یہاں کتابوں کے نام دیے ہیں) اور جہاں تک اُن کے طریق کی تحصیل تعلم اور سماع کے ذریعہ سے ممکن تھی میں نے حاصل کر لی لیکن اس سے مجھ کو ثابت ہو گیا کہ ان کے اصل خواص اور لطائف کتابت تعلم سے حاصل نہیں ہو سکتے ذوق اور حال سے اور اپنی صفات کے پلٹنے سے حاصل ہو سکتی ہیں (صفحہ ۶۳ و ۶۴)

بعد ازیں تھوڑے عرصہ کی ریاضت اور اعتکاف کے بعد امام صاحب تحریر فرماتے ہیں:-

اس عرصہ میں مجھے یقیناً معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے راستہ پر چلنے والے صوفیائے کرام ہی ہیں اور انہی کی سیرت و عادت سب سے افضل ہے انہی کا طریقہ اور راستہ سب راستوں سے سیدھا ہے۔ انہی کے اخلاق سب اخلاق سے پاکیزہ ہیں (صفحہ ۱۷)

تصوّف سے متعلق مولانا شبلی صاحب کا خلاصہ ملاحظہ ہو:-

تصوّف کی حقیقت جو امام صاحب نے بیان کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے:- تصوف شریعت کی طرح دو چیزوں پر مرکب ہے علم و عمل لیکن فرق یہ ہے کہ شریعت میں علم کے بعد عمل پیدا ہوتا ہے تصوف میں بخلاف اسکے عمل کے بعد علم پیدا ہوتا ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے۔ انسان کو اشیاء کا جو ادراک ہوتا ہے اس کا عام طریقہ یہ ہے کہ استنباط استدلال تعلیم و تعلم سے حاصل ہوتا ہے لیکن کبھی ایسا ہوتا ہے کہ سوچ و فکر کیے بغیر دفعتہً ایک شئے کا ادراک ہو جاتا ہے اور کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ کہاں سے ہوا اور کیونکر ہوا؟ اصطلاح تصوف میں اس کا نام الہام ہے۔

اس قسم کا ادراک صرف مجاہدہ اور تزکیہ نفس سے ہوتا ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ انسان پہلے تمام تعلقات سے کنارہ کش ہو یعنی اہل و عیال دوست و احباب جاہ و دولت کسی چیز سے وابستگی باقی نہ رہے اسکے بعد ایک گوشہ میں بیٹھ کر

بیماران جہل

اب یاد رکھ کہ جہل کے بیمار چار طرح کے ہوتے ہیں اور ان چاروں میں سے صرف ایک علاج پذیر ہے باقی تین ناقابل علاج ہیں۔

پہلا بیمار وہ شخص ہے جس کا سوال اور اعتراض بوجہ حسد ہوتا ہے اور حسد ایسی بیماری ہے جو بڑی دیرپا ہوتی ہے اور علاج پذیر نہیں ہے کیونکہ جوابات وہ کہے گا اس کا جواب تو کیسا ہی زیبا تر اور روشن تر دے وہ تجھ سے نارض ہوگا اور تیرا سخت تر دشمن بنے گا اور اس کی حسد کی آگ اور بھی زیادہ بھڑکے گی پس طریق یہ ہے کہ تو اسکی بات کا جواب دینے میں مشغول نہ ہو اور اس شاعر نے جس نے یہ شعر کہی کیا خوب کہا ہے:—

"ہر عداوت ایسی ہے کہ تحقیق اسکے ازالہ کی امید کی جائے۔
سوائے اس عداوت کے جو کہ حسد کی وجہ سے ہے۔" (۶۲)

پس تدبیر بھی یہی ہے کہ اس کو اس بیماری کی حالت میں ہی چھوڑ دیں اور

امام صاحب نے اپنے تجربہ کا لب لباب یوں تحریر فرمایا ہے
"سو واضح رہے کہ جب میں نے عزلت گزینی اور خلوت نشینی قریب دس برس کے اختیار کی تو اس اثناء میں مجھ کو اس امر کا علم ضروری بیشمار اسباب اور وجوہات سے حاصل ہوا کبھی ذوق سے اور کبھی دلیل و برہان کے ذریعہ سے اور کبھی قبول ایمانی کے وسیلہ سے کہ انسان دو چیزوں سے بنا ہوا ہے جس میں ایک بدن ہے دوسرا دل (یا روح) اور یہ بات معلوم ہوئی کہ جس طرح بدن کے لیے ایک حالت صحت ہے .... اور ایک حالت مرض ہے ...... اسی طرح دل کے لیے بھی دو حالتیں ہیں ایک حالت صحت و سلامت ہے جسکی نسبت یوں کہا گیا ہے کہ
"وہ نجات نہیں پائیگا مگر وہی شخص جسکو خداوند تعالیٰ نے دل سلیم عطا کیا ہے"
دوسری حالت مرض ہے جس میں اسکی ہلاکت ابدی اور اخروی ہے اگر اس کا علاج نہ کیا جائے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔
"فی قلوبھم مرض یعنی ان کے دلوں میں (روحوں میں) مرض ہے"۔
اور مجھ کو یہ بھی ثابت ہوا کہ جہل باللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کا نہ جاننا) سم قاتل ہے
(دیکھو امام غزالی) ترجمہ رسالہ المنقذ من الضلال" صفحہ ۸۵)

پہلی نشانی یہ ہے کہ تجھے چاہیے کہ تو اس امر میں کوئی فرق و امتیاز نہ کرے کہ سچائی تیری
زبان سے ظاہر ہو یا یہ کہ کسی دوسرے کی زبان سے۔
دوسری نشانی یہ ہے کہ یہ بحث تو خلوت میں زیادہ پسند کرے بہ نسبت اس کے کہ
بحث برملا ہو لیکن اگر تو کسی سے کوئی مسئلہ پوچھے اور تو جانتا ہو کہ سچائی تیری طرف ہے اور وہ
(تیرے مقابل) گستاخی کرتا ہے تو ہرگز اس سے حجت نہ کر اور بات کو ٹال دے ورنہ اس معاملہ
کا انجام وحشت ہوگی اور کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا اور یہاں میں تجھے ایک فائدہ سمجھاتا
ہوں۔ یاد رکھ کہ مشکل چیزوں کا سوال کرنا ایسا ہے جیسے بیماریِ دل کو کسی طبیب کے
سامنے بیان کرنا اور طبیب دل اس بیمار کے علاج کے لیے صاف صاف جواب دیتا
ہے اور کوشش کرتا ہے اور یقین سمجھ کہ جاہل لوگ بیمار ہیں کہ ان کے دلوں میں بیماری ہوتی
ہے اور علماء طبیب ہیں اور عالم ناقص طبیبی کے لیے شائستہ نہیں۔ عالم کامل تمام بیماریوں کا
علاج نہیں کرتا بلکہ صرف ان ہی بیماریوں کا علاج کرتا ہے جن میں اسے شفا کی امید ہوتی
ہے لیکن جہاں مرض بہت پرانا ہو گیا ہو اور بیماری عقل کی ہو ایسے مرض میں شفا کی امید
نہ رکھنی چاہیے۔ طبیب کی استادی ایسی حالت میں یہی ہے کہ وہ صاف صاف کہدے کہ
یہ بیمار قابلِ علاج نہیں ہے اور اچھا نہ ہوگا اور اسکے علاج میں مشغول ہونا اس کا وقت ضائع کرنا ہے

الباب الرابع فی سبب اقبال الخلق علی علم الخلاف وتفصیل آفات المناظرة والجدل وشرط اباحتها۔

چوتھا باب اس بیان میں کہ لوگ علم خلاف پر کیوں زیادہ گر پڑتے ہیں اور یہ کہ مناظرہ و جدل میں کیا آفتیں ہیں اور اسکے جائز و مباح ہونے کی کیا شرطیں ہیں

اس مضمون میں امام صاحب نے پہلے اس طریقے کے قائم ہونے کی تاریخ لکھی ہے .. پھر نہایت
تفصیل سے یہ ثابت کیا ہے کہ مناظرے سے تفاخر۔ حسد۔ رشک۔ ضد۔ جاہ پرستی۔ حب ل فضول گوئی۔
قساوت قلب پیدا ہوتی ہے۔ اخیر میں لکھتے ہیں

ولا ینفک اعظمهم دینا واکثرهم عقلا عن جمل من مواد هذه الاخلاق

بڑے سے بڑے دیندار اور بڑے سے بڑے عاقل علما میں بھی جو مناظرے کے شغل میں رہتے ہیں
ان اوصاف کا کچھ نہ کچھ مادہ ضرور پایا جاتا ہے۔ (الغزالی از مولانا شبلی صفحہ ۱۰۸ کا خلاصہ)

چوتھا بیمار وہ ہے جو راہ راست کا طالب ہو اور زیرک اور فہیم اور عاقل بھی ہو یعنی
غصہ ور نہ ہو اور شہوت اور حسد اور جاہ و مال کی محبت بھی نہ رکھتا ہو اور راہ راست کا طالب
و جوئندہ ہو اور جو سوال اور اعتراض کرے وہ بخیال عیب جوئی و بدگوئی اور امتحان اور
حسد نہ کرے صرف ایک یہ بیمار علاج پذیر ہوتا ہے مگر اُس کی باتوں کا جواب دینے میں تو
مشغول ہو تو روا بلکہ واجب ہوگا۔

دوسری ناکردنی

یہ ہے کہ وعظ دینے اور ذکر کرنے سے پرہیز کریں کیونکہ اس میں بہت آفتیں ہیں اگرچہ
تو یہ سمجھتا ہو کہ جو کچھ تو کہتا ہے وہ پہلے تو نے خود عمل کر کے دیکھا ہے اور اس بات پر غور کر کہ
جو عیسیٰ علیہ السلام سے کہی گئی تھی۔ "اے ابن مریم (عیسیٰ) اپنے نفس کو نصیحت دے جب تو
خود نصیحت اختیار کرلے تب لوگوں کو نصیحت کر ورنہ اپنے رب سے حیا مانگ۔ (۶۹)

نصیحت بہ واعظ

تذکیر کی تعریف پس اگر تو اس کام میں مبتلا ہو تو دو چیزوں سے پرہیز کر۔ ایک یہ کہ کوئی
بات کہنے میں تکلف نہ کر یعنی عبارات اور اشارات اور نکات اور نحویہ باتیں اور ابیات و
اشعار استعمال نہ کر کیونکہ خدا تعالیٰ ان لوگوں کو جو تکلف کرتے ہیں دشمن رکھتا ہے اور جب
تکلف حد سے زیادہ ہو جاتا ہے تو وہ خرابیٔ باطن اور غفلت دل کی علامت ہوتی ہے کیونکہ
ذکر کرنے کے معنی یہ ہیں کہ مصیبت آخرت اور آتش دوزخ کا ذکر کرے اور خدمت خدا تعالیٰ
میں جو غفلت عمر گذشتہ میں کی ہے اس کا خیال کرے۔ اُن آفات و بلیات کا جو اس کی راہ
میں ہیں اور جن میں سے ایمان صحیح و سالم لیجانا ہے بیان کرے اور ملک الموت کے پنجہ سے رہائی
پانے کی تدبیر بتائے اور منکر و نکیر کے سوالات کی یاد دلائے قیامت اور اسکے مواضع اور جھگڑے
اور حساب اور ترازو (میزان عدل) اور پل صراط اور اس پر سے گزرنے اور قیامت کی دیگر
خوفناک باتوں کی وضاحت کرے ان سب مصیبتوں کی آگ اسکے دل میں لگ جاتی ہے اور اُن

اُس سے منہ موڑلیں" پس اس شخص سے منہ پھیر لے (یعنی قطع تعلق کرلے) جس نے ہمارے ذکر سے منہ پھیر لیا اور سوائے دنیا کی زندگی کے کوئی دوسرا ارادہ نہ کیا" اور حاسد جو کچھ کرتا ہے اُس سے وہ اپنے ہی خرمن میں آگ لگاتا ہے اور "حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ ایندھن کو" - (۶۴)

دوسرا بیمار - وہ ہوتا ہے جسکی بیماری حماقت سے ہوتی ہے اور یہ بھی لاعلاج ہے حضرت عیسیٰ پیغمبر صلوات اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں مردہ کو زندہ کرنے سے عاجز نہیں ہوا مگر احمق کا علاج کرنے سے عاجز ہو گیا اور یہ ایسا شخص ہوتا ہے جو صرف تھوڑی مدت طالب علمی میں مشغول رہا ہو اور علوم نقلی اصلاً شروع بھی نہ کیے ہوں مگر ان علماء بزرگ پر جنھوں نے اپنی تمام عمر علوم عقلی و شرعی حاصل کرنے میں صرف کی ہو اعتراض کرتا ہے اور اتنا نہیں سمجھتا کہ جو اعتراض اُسکے اور دوسرے عالم کے دل میں آیا ہے وہ اس عالم بزرگ کے دل میں کبھی آیا ہوگا پس اتنا نہیں سمجھتا کہ جو اعتراض وہ اس عالم کی بات پر کرتا ہے اس بات میں کچھ گہرائی ہے جسے اُس عالم نے سمجھا بوجھا ہے اور نہ تو وہ خود اور نہ وہ دوسرا عالم اُسکے کنہ تک پہنچے ہیں جب اتنی بات اپنے دل میں خیال نہیں کرتا تو یہ اُسکی حماقت اور نادانی ہوتی ہے - ایسے شخص سے بھی منہ پھیر لینا چاہیئے اور اُسکی بات کا جواب دینے میں مشغول نہ ہونا چاہیئے -

تیسرا بیمار - وہ ہے جو سیدھی راہ کا طالب ہے اور بزرگوں کے اقوال میں سے جو کچھ وہ نہ سمجھے اسے اپنی ہی فہم کا قصور سمجھے اور جو کچھ دریافت کرے وہ بھی فائدہ کے لیے دریافت کرے مگر وہ بلند نظر نہ ہو اور اُسکی فہم حقایق کے سمجھنے میں قاصر ہو تو ایسے شخص کی بات کا جواب دینے میں کبھی مشغول نہ ہونا چاہیئے کیونکہ پیغمبر صلعم نے فرمایا ہے "ہم انبیاء کے گروہ ایسے ہیں اور ہم کو حکم ہے کہ لوگوں سے جو باتیں کہیں وہ اُنکی عقلوں کے موافق ہوں" یعنی ہم انبیا ہیں اور ہمیں ایسا ارشاد ہوا ہے کہ لوگوں سے صرف وہی باتیں کہیں کہ جو اُنکی فہم سمجھ سکے اور جو بات سننے کی اُن میں طاقت نہ ہو وہ ہم خود اُن سے نہ کہیں

ہٹاکر راستی کی طرف مائل کرے جسکے دل پر معرفت غالب ہو اُسے رجا و امید کی بشارت دینی چاہیے
جب سامعین تیری مجلس سے اُٹھیں تو اُن کے دل کی صفائی کچھ تو بدلی ہوئی ہو اور ظاہری
معاملہ کچھ تو تغیر پذیر ہوا ہو اور اُن نے اطاعت الٰہی میں جو لیت و لعل و سستی کی ہو اسکے
لیے ذرا خوف محسوس کریں۔ علم وعظ و تذکیر درحقیقت یہ ہے اور جو وعظ ایسا نہیں ہوتا ہے
وہ کہنے والے اور سننے والے دونوں کے لیے ایک طرح کا وبال ہوتا ہے بلکہ کہنے والا ایک غول
بیابانی، و شیطان ہوتا ہے جو خلق کو گمراہ کرتا ہے اور ان کو مار ڈالتا ہے اور ہمیشہ کے لیے
اُن کو شقاوت اور عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے خلق کو واجب ہے کہ ایسے واعظین سے دور
بھاگیں کیونکہ وہ فساد جو وے پیدا کرتے ہیں خلق کے دین میں کوئی شیطان بھی نہ کر سکیگا
اور جس شخص کو اختیار حاصل ہو اُس پر واجب ہے کہ ایسے واعظین کو منبروں سے اتار لے اور
انہیں وعظ کہنے سے باز رکھے کیونکہ یہ کام بھی امر معروف اور نہی منکر میں سے ایک ہے۔ *

تیسری ناکردنی

یہ ہے کہ کسی بادشاہ یا امیر کو سلام نہ کر اور ان سے ہم نشینی اور میل جول پیدا نہ کر بلکہ
اُن کے پاس بھی نہ جا کیونکہ اُن سے ملنے، ہم نشینی اور میل جول میں بہت آفات ہیں اگر تو اُنکی
صحبت کے گرداب میں پھنس جائیگا تو ان کی خوشامد۔ مداحی ثنا خوانی اور دربانی کریگا اور
اگر اُن میں سے کوئی تجھ سے ملنے کے لیے آئیگا تو بھی یہی بات ہے۔ پس تحقیق اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے

* واعظین سے متعلق بھی امام صاحب نے احیاء العلوم و کیمیائے سعادت وغیرہ اپنی ضخیم تصنیفات
میں بہت کچھ لکھا ہے۔ یہاں ہم مولانا شبلی کے الفاظ نقل کرتے ہیں جن سے ظاہر ہوگا کہ ہماری
کتاب کا یہ باب احیاء العلوم کے باب کا خلاصہ ہے۔
ایک گروہ ہے جو وعظ و پند میں مصروف ہے اور خوف و رجا صبر و شکر توکل و زہد۔ یقین و
اخلاص صدق وغیرہ مضامین کو نہایت موثر طریقہ سے ادا کرتا ہے لیکن خود ان باتوں سے بالکل خالی ہے
(او خود گم است کرا رہبری کند" ظاہر ہے کہ ایسے واعظین کا اثر سامعین پر کیا ہوتا ہوگا۔ ایڈیٹر)
ایک گروہ ہے جس نے وعظ میں عبارت آرائی۔ رنگینی۔ اشعار خوانی نقدہ گوئی کا طریقہ اختیار کیا ہے تاکہ
مجلس میں خوب ہو حق ہو اور مجلس وجد میں آجائے [مولانا شبلی صاحب نے یہ الفاظ احیاء العلوم"

آفات و مصائب کی طرف توجہ کرنے کو تذکیر کہتے ہیں۔

وعظ کا مفہوم اور خلق کو ان سب باتوں کی آگاہی دینا اور انہیں اُن کے قصور اور نفس کے عیوب سمجھا دینا تاکہ اس آگ اور مصیبت کی حرارت سامعین کے دل میں لگ اٹھے اور وے اپنی گزشتہ عمر کی تلافی جس قدر کہ ممکن ہو کریں اور اُس وقت کے لیے جو طاعت الٰہی میں بسر نہیں ہوا ہے معافی مانگیں اور افسوس کریں۔ یہ سب اس طریقہ پر جیسا کہ ہم نے کہا علم وعظ کہلاتا ہے اسکی مثال ایسی ہے کہ اگر سیلاب کسی کے مکان کے دروازہ تک پہنچ جاوے اور یہ خوف ہو کہ ذرا سی دیر میں گھر گر پڑیگا اور اسکے مکین غرق ہو جائینگے تو اُس گھر کا مالک چلّاتا ہے اور کہتا ہے اے بچو ہٹو! دور رہو! بھاگو سیلاب آیا اُس وقت جبکہ وہ شخص یہ بات کہتا ہے تو اسے یہ ہمت نہیں ہوتی کہ اس بات کو تکلف اور عبارت آرائی کے ساتھ کہے اور نکات اور اشارات استعمال کرے واعظ کی مثال اہل دنیا کے ساتھ اِس مالک اور اُسکے بچوں کی سی ہے

دوسری بات یہ ہے کہ وعظ کہتے وقت تو اپنے دل کو اس خیال پر نہ جما اور نہ اسکی خواہش کر کہ سامعین تیری مجلس میں نعرہ لگائیں اور خود کو بھول جائیں اور وجد میں آجائیں اور ہائے وہوئے کریں اور کپڑے پھاڑ ڈالیں اور مجلس میں شور و غوغا برپا کریں تاکہ مردمان کہیں کہ کیا اچھی مجلس ہے بلکہ تجھے صرف یہ خیال ہونا چاہیے کہ جو لوگ دنیا کے دام میں پھنسے ہوئے ہیں اُنہیں آخرت کی طرف رہنمائی کرے اور گناہ سے طاعت کی طرف حرص سے زہد کی طرف بخل سے سخا کی طرف ریا سے اخلاص کی طرف۔ کبر سے تواضع کی طرف غفلت سے بیداری کی طرف اور غرور سے تقویٰ کی طرف۔ اُنہیں راغب کرے۔ اُن کے دل میں آخرت کی محبت اور دنیا کی نفرت پیدا کرے اور اُن کو خدا تعالیٰ کے رحمت و کرم سے مغرور نہ بنا بلکہ انہیں نجات اور پرہیزگاری کا مفہوم سکھا اور یہ امر دیکھ کہ اُن کی توجہ کس طرف مبذول ہے کیا وہ رضائے خدا کے خلاف ہے؟ اور اُن کے دل کا قبلہ کیا ہے کیا وہ خلاف شرع مصطفوی ہے؟ اور بُرے احوال و اخلاق میں سے ان پر کیا غالب ہے اور اُن کو اُن باتوں

آفات ہیں اور ہم نے کتاب احیاء علوم الدین میں لکھا ہے وہاں دیکھ لے۔

ان چار چیزوں سے پرہیز کر کہ یہ ناکردنی ہیں۔ مگر جو کردنی ہیں وہ بھی چار ہیں تجھے چاہیے کہ ان کو یاد رکھے۔

پہلی کردنی

یہ ہے کہ تیرے اور خدا تعالیٰ کے درمیان جو معاملہ ہوتا ہے اسے اس طرح کر کہ اگر تیرا زر خرید غلام تیرے حق میں وہی سلوک کرے تو تجھے رنج نہ ہو اور تو اسے پسند کرے اور مناسب سمجھے اور اس پر غضبناک نہ ہو کیونکہ تجھے چاہیے کہ تو جو کچھ اپنے غلام سے اپنے حق میں پسند کرتا ہے اور مناسب سمجھتا ہے وہی اپنی جانب سے خدا تعالیٰ کے حق میں پسند کرے کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ تیرا غلام تو در اصل تیرا غلام نہیں ہے بلکہ تیرا درم خریدہ غلام ہے اور تو اس خدا کا حقیقی غلام ہے جس نے تجھے پیدا کیا ہے اور تجھے زیور حیات سے آراستہ کیا ہے۔

دوسری کردنی

یہ ہے کہ تیرے اور خلق خدا کے درمیان جو معاملہ ہوتا ہے اس میں خلق کے ساتھ ایسا برتاؤ کر کہ اگر وہ تیرے ساتھ کریں تو تو اسے پسند کرے اور مناسب خیال کرے اور اس سے رنجیدہ نہ ہو۔ آنحضرت رسول مقبولؐ نے فرمایا ہے:—

"بندہ کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہوتا ہے جب تک کہ وہ تمام لوگوں کے لیے بھی وہی بات پسند نہیں کرتا جو وہ اپنے نفس کے لیے پسند کرتا ہے"۔ ٭٭

٭٭ امام صاحب کی یہ نصیحت نہایت قیمتی ہے "نصیحت کہ شاید نبشتن بزر" ہر مذہب و ملت کے بزرگوں نے بھی یہی نصیحت عوام کو دی ہے۔ کیونکہ اس پر عمل کرنے سے دنیا میں بہبودی اور بہتری کی خوبی اور خوشنودی کی روشنی پھیل جاتی ہے۔ مولانا محمد اسمٰعیل نے اسی خیال کو نظم کا جامہ پہنایا ہے:—

"کبھی بھول کر کسی سے نہ کرو سلوک ایسا
جو اگر وہ تم سے کرتا تمھیں ناگوار ہوتا"

جب کسی بدکار اور ظالم کی تعریف کی جاتی ہے اور جو شخص ظالم کی عمر کی درازی کے واسطے دعا کرتا ہے تو گویا اُس نے یہ بات پسند کی کہ اللہ تعالیٰ کا غضب اُس زمین میں نازل ہو۔

چوتھی ناکردنی

یہ کہ اُن سے کوئی چیز قبول نہ کر اور اگرچہ تو یہ جانتا ہو کہ جو کچھ وہ تجھے دیتے ہیں مال حلال ہے کیونکہ اُن کے مال کی طمع کرنا فساد دین کا سبب ہے اور اس چرب زبانی اور اُنکی رعایت کے خیال سے اُن کے ظلم میں موافقت اور فسق و فجور میں شرکت پیدا ہوتی ہے اور ان سب باتوں سے دین میں خلل پیدا ہوتا ہے اور اس سے جو کم سے کم نقصان پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ تو اُن کو اپنا دوست بناتا ہے اور جو شخص کسی سے محبت رکھتا ہے وہ ضرورةً اسکی درازی عمر کی خواہش کرتا ہے اور اس طرح بقائے ظالم اور بربادی عالم کی خواہش کرتا ہے اور اس سے بدتر کیا ہوگا۔ خبردار۔ خبردار کہ شیطان تجھے گمراہ نہ کردے اور اپنا رفیق و پیرو نہ بنا لے اور جیسا کہ بعض لوگ تجھ سے کہتے ہیں کہ یہ بہتر ہے کہ تو یہ مال اُن سے لیکر فقیروں اور مستحقین کو دیدے اور اُن کو آرام پہونچائے ضرورةً تو اُس مال کو خرچ کرے تو نیکی کرنے میں خرچ کر کیونکہ وے جب خرچ کرتے ہیں تو فسق و فجور میں خرچ کرتے ہیں (یہ کہنا بھی کچھ درست نہیں) کیونکہ شیطان نے اس طریقہ سے بہت خلق کا خون بہایا ہے اور اس بات کی بہت

میں سے ترجمہ کر کے لکھے ہیں اور ہماری کتاب میں بھی قریب قریب یہی الفاظ ہیں۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب امام صاحب کی خلاصۃ التصانیف ہے (ایڈیٹر)]

فھولاء شیاطین الانس ضلوا واضلوا عن سواء السبیل وھم وعاظ اھل الزمان کافۃ الا من عصمہ اللہ علی الندور فی بعض اطراف البلاد۔

ترجمہ:۔ یہ لوگ شیاطین الانس ہیں جو خود گمراہ ہیں اور دوسروں کو گمراہ کرتے ہیں۔ آج کل کے زمانہ کے تمام واعظ ایسے ہی ہیں مگر ان کوئی شخص شاذونادر کسی کونے میں نکلا ہو (الغزالی از مولانا شبلی صفحہ ۶۰۔ ۷۰)

اب اگر تو چاہتا ہے کہ احوال دل کی حقیقت جانے تو کتاب احیاء اور ہماری دیگر تصانیف میں ڈھونڈ لے اور یہ تمام مسلمانوں پر فرض عین ہے اور دیگر علوم فرض کفایتی ہیں مگر اُسی قدر کہ اُن سے خدا تعالی کے حکم کی پابندی کر سکیں خدائے عزّوجلّ تجھے توفیق دے تاکہ تو اسے حاصل کر سکے۔

چوتھی کردنی

یہ کہ اہل وعیال کے لیے مال دنیا سے ایک سال سے زیادہ کا سامان معیشت حاصل نہ کر اور رسول خدا صلعم اپنے ازواج عصمت مآب میں سے بعض کے لیے صرف ایک سال کا سامان معیشت جمع کرتے تھے اور کہتے تھے "اے اللہ آل محمدؐ کے واسطے کفاف مہیا کر۔ اور آنحضرت جمیع ازواج مطہرات کے واسطے ایک سال کا کفاف جمع نہیں کرتے تھے بلکہ صرف اُنھیں کے واسطے ایک سال کے لیے جمع کرتے تھے جن کی بابت آپ کو معلوم تھا کہ وے کمزور ضعیف ہیں مگر جن کو کہ آپ جانتے تھے کہ یہ صاحب یقین ہیں اُن کو ایک دن کا کفاف بھی نہ دیتے تھے۔ مثلاً حضرت عائشہؓ اور دیگر اُن کے مانند۔

اسے فرزند اس فصل میں میں نے تیری تمام باتوں کا جواب لکھ دیا ہے تجھے چاہیئے کہ ان سب نصیحتوں پر عمل کرے اور اس درمیان میں مجھے آزاد کر دیگا اور میرے حق میں بھی دعا کریگا۔ مگر تو نے جو دریافت کیا ہے کہ دعا کون سی اچھی ہے دعائیں کتاب صحاح میں کئی لکھی ہوئی ہیں تجھے چاہیئے کہ اُس میں سے یاد کرلے اور اسی طرح طریق اہل البیتؑ میں اچھی دعائیں ہیں وہاں سے ڈھونڈ لے اور یہ ایک دعا ہمیشہ پڑھا کر خصوصاً ہر نماز کے بعد ضرور پڑھ۔ وہ دعا یہ ہے:۔

"اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سب نعمتوں کے لیے اور دوام عصمت

تیسری کردنی

یہ ہے کہ جب تو کسی علم کا مطالعہ کرے اور اسے پڑھے تو تجھے چاہیئے کہ صرف وہ علم پڑھے
جس میں تو اس وقت مشغول ہوگا جبکہ تو یہ جان لے کہ میری عمر اب ایک ہفتہ سے زیادہ
باقی نہیں رہی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اگر تو یہ جان لے کہ تیری عمر اب ایک ہفتہ سے زیادہ
باقی نہیں رہی ہے تو تو اس ہفتہ میں علم جدال و اصول فقہ و کلام وغیرہ میں مشغول نہ ہوگا
کیونکہ اس ہفتہ میں یہ علوم تجھے نجات و رستگاری نہ دلا سکینگے بلکہ تو مراقبت دل (تزکیہ
نفس) اور اپنی صفات کی معرفت میں مشغول ہوگا اور روح کو تعلقات دنیاوی
اور اخلاق ذمیمہ سے پاک کریگا اور خدا تعالیٰ کی معرفت اور اخلاق حسنہ سے خود کو
آراستہ کریگا اور عبادت و بندگی میں مشغول ہوگا۔ مگر تو یہ سب سنا سب سمجھا ہے کیونکہ
بات فی الحقیقت ایسی ہی ہے کہ کوئی دن یا رات ایسی نہیں گزرتی جب یہ ممکن نہ ہو کہ اسی
دن یا اس رات تو اس دار غرور کو چھوڑ کر دار پا بیدار کو چلا جائے یہ بات سن اور
اسے سچ سمجھ اور اس میں غور و خوض کر اور اس پر عمل پیرا ہو تاکہ تو ضرور نجات و رستگاری
سے سرفراز ہو۔ اگر تجھے خبر دیں اور کہیں کہ آئندہ ہفتہ میں بادشاہ تیرے سلام کو آئیگا
تو میں جانتا ہوں کہ تو اس ہفتہ میں کسی فضول کام میں مشغول نہ ہوگا۔ یہ کیوں؟ اسکی
